https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | پیر 22 جون 2026ء | 6 محرم 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 82

بلوچستان کی ترقی کے سفر کو کوئی نہیں روک سکتا، سرفراز بگٹی

14 ہزار اساتذہ کی شفاف بھرتی، 3 ہزار 200 سے زائد اسکولوں کی بحالی اور 7 لاکھ 20 ہزار بچوں کا داخلہ کسی خواب کی تعبیر نہیں بلکہ زمینی حقیقت ہے

آج صوبے کے 15 ہزار 370 اسکولوں میں سے 15 ہزار فعال ہیں جبکہ 370 اسکول صرف اس وجہ سے بند ہیں کیونکہ وہ غلط مقامات پر تعمیر کیے گئے تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے عوام سے جو وعدے کیے تھے ان کی تکمیل کر کے ثابت کیا ہے کہ اگر ارادے مضبوط ہوں تو کوئی ہدف ناممکن نہیں رہتا۔ بلوچستان ترقی، اصلاحات، میرٹ، گڈ گورننس اور امن واستحکام کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے اور اب اس ترقی کے سفر کو کوئی نہیں روک سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو بلوچستان اسمبلی میں مالی سال 2026-27 کے صوبائی بجٹ کی منظوری کے بعد اجلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا

وزیر اعلیٰ نے اپنی تقریر کا آغاز اس شعر سے کیا:

"جب آنکھوں میں ارمان لیا، منزل کو اپنا مان لیا، پھر مشکل اور آسان ہے کیا، جب ٹھان لیا بس ٹھان لیا"

انہوں نے کہا کہ یہی شعر ان کی کابینہ اور عوامی حکومت کیلئے مشعل (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں مذہبی امور کا محکمہ ختم کردیا گیا

محکمے کے ملازمین کی خدمات کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے سپرد کردی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مذہبی امور کا محکمہ ختم کردیا گیا، محکمے کے ملازمین کی خدمات کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے سپرد کردی گئیں۔ محکمہ نظم ونسق کی جانب سے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان 47 سال میں پہلی بار ایران اور امریکا کو ایک جگہ لانے میں کامیاب رہا، اسحاق ڈار

امریکا اور ایران کے درمیان جنگ تباہ کن تھی، اسکا عالمی معیشت پر منفی اثر پڑا

آئندہ 60 روز آبنائے ہرمز میں کوئی ٹرانزٹس یا سروس فیس نہیں ہوگی، وزیر خارجہ کا عرب میڈیا کو انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ آئندہ 60 روز آبنائے ہرمز میں کوئی ٹرانزٹس یا سروس فیس نہیں ہوگی۔ عرب میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان 47 سال میں پہلی بار ایران اور امریکا کو ایک جگہ لانے میں کامیاب رہا، پاکستان نے شراکت داروں اور اتحادیوں کیساتھ مل کر مذاکراتی عمل یقینی بنانے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ایران اور امریکی وفود کی کانفرنس ہال میں آمد، شہباز شریف، فیلڈ مارشل اور قطری وزیر اعظم نے استقبال کیا

برگن اسٹاک (این این آئی) اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت پاکستان اور قطر کی ثالثی میں تکنیکی سطح پر مذاکرات (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو ایران، امریکا مذاکرات کی سربراہی کی پیشکش کی گئی

برگن اسٹاک (این این آئی) پاکستان کو ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی سربراہی کی پیشکش کی گئی۔ ذرائع کے (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کے ہمراہ مصر کے صدر سے مشترکہ ملاقات

جاری کوششیں اور مذاکرات کا اگلا مرحلہ خطے میں دیرپا امن، سلامتی اور خوشحالی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا

قاہرہ (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود، ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان اور مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی کے ہمراہ مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی سے مشترکہ ملاقات کی۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

سوئٹزرلینڈ، وزیر اعظم شہباز شریف چیف آف آرمی سٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر امریکہ نائب صدر جے ڈی وینس ایران امریکہ مذاکرات کے موقع پر گروپ فوٹو

امریکہ ایران مذاکرات سوئٹزرلینڈ میں شروع، عالمی امن کیلئے اہم موقع ہے

شہباز شریف

صدر ٹرمپ کی مدبرانہ قیادت کی وجہ سے مذاکرات ممکن ہوئے، سارے عمل کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار بھی قابلِ تحسین ہے، شہباز شریف سارے معاملے میں وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کردار بہت شاندار رہا ہے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس

وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی اور امریکی وفد کی الگ الگ ملاقات، امریکہ ایران مذاکرات پر گفتگو، سٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بغل گیر ہوئے، ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جے ڈی وینس کی پھر پاکستانی کے کردار کی تعریف

برگن اسٹاک (این این آئی) امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی میں اتوار کو سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امید ہے کہ جب واپس جائیں تو ہمارے پاس معاہدے کی زبردست دستاویز ہو۔ اتوار کو قطر کی جانب سے باضابطہ اعلان کیا گیا کہ سوئٹزرلینڈ میں امریکا ایران بات چیت کا آغاز ہوا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے مذاکراتی عمل کے آغاز سے قبل گفتگو میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی بصیرت افروز اور نہایت متحرک قیادت کے باعث یہ اجلاس ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہماری بہت مفید گفتگو ہوگی اور امید کرتا ہوں کہ یہ آنے والے وقت میں نہایت نتیجہ خیز پیش رفت کا باعث بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سارے عمل کے دوران فیلڈ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نئے مالی سال 2026-27 کے بجٹ ستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی مصر کے وزیر خارجہ سے ملاقات

قاہرہ (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے آرفور کے وزرائے خارجہ مشاورتی اجلاس کے موقع پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزرائے خارجہ نے پاکستان اور مصر کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوں کا جائزہ لیا

ایڈنبرا، مسلم مخالف حملوں میں 5 افراد زخمی

ایڈنبرا حملے شہر کے مغربی حصے میں ہوئے، پولیس

ایڈنبرا (این این آئی) اسکاٹ لینڈ کے شہر ایڈنبرا میں مسلم مخالف مشتبہ حملوں میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ برطانوی میڈیا کے مطابق ایڈنبرا حملے شہر کے مغربی حصے میں ہوئے، پولیس نے 36 سالہ سفید فام شخص کو گرفتار کرلیا۔ حکام کے مطابق زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا گیا ہے جہاں انہیں طبی امداد دی جارہی ہے۔ فرسٹ منسٹر جان سوینی کا کہنا تھا کہ اسکاٹ لینڈ میں نسل (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

خطے کے امن واستحکام کیلئے اجتماعی کوششیں جاری رکھی جائیں گی، آر۔ فور کے وزرائے خارجہ

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کا خیر مقدم

قاہرہ (این این آئی) مصر، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ نے چوتھے مشاورتی اجلاس میں بالخصوص 18 جون کو امریکہ اور ایران کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس اہم پیش رفت کو کشیدگی میں کمی لانے اور اس تنازع کے خاتمے کی جانب ایک مثبت اور تعمیری قدم قرار دیا، جو علاقائی امن واستحکام کیلئے سنگین خطرات کا باعث بن رہا تھا۔ اس تنازع کے اثرات توانائی کی منڈیوں، بین الاقوامی (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

غزہ اور لبنان پر اسرائیلی حملے مسلسل جاری، خواتین، بچوں اور صحافی سمیت 43 افراد شہید

نیتن یاہو نے لبنان کے ساتھ سیز فائر کے احکامات جاری کر دیے، گزشتہ روز جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملے میں 16 افراد شہید ہوئے تھے، صہیونی فورسز نے رہائشی آبادیوں کو نشانہ بنایا تھا

حملے میں الصفدی خاندان کے چار افراد، جن میں میاں بیوی اور ان کی دو کمسن بیٹیاں شامل تھیں، جاں بحق ہوگئے، 12 افراد زخمی بھی ہوئے، اور ان کا کسی عسکری گروہ سے کوئی تعلق نہیں تھا، فلسطینی حکام

بیروت (این این آئی) حزب اللہ کے ساتھ جنگ بندی معاہدے کے باوجود لبنان پر اسرائیلی حملے مسلسل جاری ہیں جس سے گزشتہ 24 گھنٹوں میں 32 افراد شہید ہوگئے۔ حزب اللہ سے جنگ بندی کے باوجود لبنان پر اسرائیلی حملے جاری ہیں، جہاں 20 جون کے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

غزہ سٹی (این این آئی) جنگ بندی کے باوجود غزہ میں اسرائیلی حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ فلسطینی حکام کے مطابق تازہ (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم سے سوئس نائب صدر کی ملاقات، پاکستان کے ثالثی کردار کو سراہا گیا

شہباز شریف کی سوئٹزرلینڈ کے نائب صدر اور وزیر خارجہ کو باہمی سہولت کے مطابق پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت

برگن اسٹاک (این این آئی) سوئٹزرلینڈ کے نائب صدر اور وزیر خارجہ اگنازیو کاسس، نے برگن اسٹاک میں امریکا اور ایران کے درمیان جاری تکنیکی سطح کے (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

محترمہ بینظیر بھٹو کی جدوجہد اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

شہید محترمہ بینظیر بھٹو جمہوریت، برداشت اور عوامی خدمت کی ایک عظیم علامت تھیں، نئے مالی سال کے بجٹ پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو بلوچستان اسمبلی میں نئے مالی سال کے بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپنی تقریر کا آغاز شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو جمہوریت، برداشت اور عوامی خدمت کی ایک عظیم علامت تھیں جنہوں (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اورنج لائن ٹرین منصوبہ پنجاب حکومت نے اپنے وسائل سے مکمل کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے وضاحت کی ہے کہ لاہور میں اورنج لائن ٹرین منصوبہ پنجاب حکومت نے اپنے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

بی این پی عوامی کے رکن میر اسداللہ بلوچ کا بلوچستان اسمبلی سے واک آؤٹ

کوئٹہ (این این آئی) بی این پی عوامی کے رکن میر اسداللہ بلوچ کا بلوچستان اسمبلی سے واک آؤٹ۔ اتوار کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن ارکان قائمہ کمیٹیوں میں واپس آئیں، ان کی تجاویز سنیں گے، محمد اورنگزیب

کہ اپوزیشن ارکان نے گزشتہ سال بجٹ میں قائمہ کمیٹی کی سطح پر قابل تحسین حصہ ڈالا تھا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ اپوزیشن ارکان نے گزشتہ سال بجٹ میں قائمہ کمیٹی کی سطح پر قابل تحسین حصہ ڈالا تھا، میری اپوزیشن سے اپیل ہے کہ وہ قائمہ کمیٹیوں میں واپس آئیں ان کی تجاویز سنیں گے۔ اتوار کو قومی اسمبلی (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کا مالی سال 2026-27 کے 1089 ارب کا بجٹ منظور

بلوچستان اسمبلی اجلاس

غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے 797 ارب 80 کروڑ 88 لاکھ روپے مالیت کے 53 جبکہ ترقیاتی اخراجات کی مد میں 291 ارب روپے مالیت کے 45 مطالبات زر کی کثرت رائے سے منظوری دی

صوبائی اسمبلی نے بلوچستان مالیاتی مسودہ قانون مصدرہ 2026 بھی منظور کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان کے آئندہ مالی سال 2026-27 کے 1089 ارب کا بجٹ منظور کرلیا ایوان نے غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے 797 ارب 80 کروڑ 88 لاکھ روپے مالیت کے 53 جبکہ ترقیاتی اخراجات کی مد میں 291 ارب روپے مالیت کے 45 مطالبات زر کی کثرت رائے سے منظوری دی، صوبائی اسمبلی نے بلوچستان مالیاتی مسودہ قانون مصدرہ 2026 بھی منظور کرلیا۔ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

قائد ایوان وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں نئے مالی سال کے بجٹ کی منظوری کے بعد ایوان سے خطاب کر رہے ہیں

وزارت خزانہ کے 4 ہزار 282 ارب روپے سے زائد کے 12 مطالبات زر کی منظوری دیدی

ایف بی آر میں کی جانے والی اصلاحات سے آئندہ مالی سال کے ٹیکس اہداف کے حصول میں مدد ملے گی، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے وزارت خزانہ کے 4 ہزار 282 ارب روپے سے زائد کے 12 مطالبات زر کی منظوری دیدی، اپوزیشن کی جانب سے جمع کرائی گئی کٹوتی کی 100 تحریکیں مسترد کردیں جبکہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں کی جانے والی اصلاحات سے آئندہ مالی سال کے ٹیکس اہداف کے حصول میں مدد (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی مختلف وزارتوں اور ڈویژنز پر اپوزیشن کی جانب سے 4 ہزار 232 ارب روپے سے زائد کے 89 مطالبات زر کی منظوری دیدی

ان وزارتوں اور ڈویژنز پر اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی تحریکیں پیش نہیں کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کے مالی سال 2026-27 کے 4 ہزار 232 ارب روپے سے زائد کے 89 مطالبات زر کی منظوری دیدی، ان وزارتوں اور ڈویژنز پر اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی تحریکیں پیش نہیں کی گئیں۔ اتوار کو قومی اسمبلی میں وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے 4 ہزار 232 ارب 4 کروڑ روپے سے زائد (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے محمد عبدالقادر کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اتوار کو قائمہ (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

وفاق بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز میں کٹوتی نہ کرے، صنعتی گرانٹس فراہم کی جائیں، عبدالقادر

بلوچستان کو درپیش بنیادی مسائل میں امن وامان، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا سرفہرست ہیں

وفاق اور صوبائی حکومت باہمی تعاون کے ساتھ ایک جامع حکمت عملی اختیار کریں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان کے مالی سال 2026-27 کے بجٹ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے موجودہ معاشی حالات میں ایک متوازن اور ترقی دوست بجٹ پیش کیا ہے جو صوبے کے مالی معاملات کو منظم انداز میں آگے بڑھانے کی ایک مثبت کوشش ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بجٹ کی کامیاب تیاری اور منظوری پر مبارکباد پیش کی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی، ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اراکین اسمبلی میر لیاقت لہڑی، عبید گورگیج، پارلیمانی سیکرٹری نجیب کمار بجٹ اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

حزب اللہ نے لبنانی حکومت کے امریکا سے مذاکرات کو مسترد کردیا

بیروت (این این آئی) مزاحمتی تنظیم حزب اللہ نے لبنانی حکومت کے امریکا کے ساتھ براہِ راست مذاکرات کو مسترد کرتے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو بہترین سپہ سالار قرار دیدیا

برگن اسٹاک (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو زبردست (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

مدہ معنا کام ہو تو ہرمز پر ٹول ٹیکس عائد کرسکتے ہیں، ٹرمپ

دھمکیوں کا دور گزر چکا، ایران

امریکا کی جانب سے دی جانے والی یہ دھمکیاں حقیقت سے زیادہ سیاسی بیانات ہیں

خلیج فارس کو بحیرہ عرب سے ملانے والی اس گزرگاہ کی اہمیت عالمی توانائی کی منڈیوں کیلئے انتہائی زیادہ ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے ساتھ جاری مذاکرات کسی حتمی معاہدے تک نہ پہنچ سکے تو امریکا آبنائے ہرمز پر ٹول (فیس) عائد کرنے پر غور کرسکتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

تہران (این این آئی) ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آبنائے ہرمز سے متعلق حالیہ دھمکیوں پر سخت ردعمل (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

جب تک معاہدہ صرف کاغذوں پر رہیگا، مشرق وسطیٰ میں توانائی کی ترسیل معطل رہیگی، مشیر ایرانی سپریم لیڈر

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے مشیر محمد مخبر نے کہا ہے کہ امریکی کسی بھی چیز سے بڑھ کر معیشت اور معاشی فائدے کی زبان کو سمجھتے ہیں۔ ایک (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل عاصم منیر ایک عظیم ملٹری لیڈر ہیں، جے ڈی وینس

میں نے 3 ماہ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سے جتنی بات کی ہے شاید ہی کسی سے کی ہو، گفتگو

برگن اسٹاک (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، اراکین صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی، ڈاکٹر نواز کبزئی، رحمت صالح بلوچ اسمبلی میں بجٹ اجلاس میں شریک ہیں

امریکہ ایران امن معاہدہ، پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی سفارتی کامیابی قرار

پاکستانی وزیر اعظم اور عسکری قیادت امریکہ ایران جنگ رکوانے کیلئے مرکزی شخصیات کے طور پر ابھرے، بلومبرگ

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ ایران جنگ کو ختم کرنے کیلئے پاکستانی قیادت کے شاندار کردار نے پاکستان کو دنیا بھر کی توجہ کا مرکز بنا دیا۔ عالمی جریدہ بلومبرگ کے مطابق (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

محکمہ تعلیم بلوچستان کا 17 اساتذہ و ملازمین کو معطل، مزید انکوائری کا حکم

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مچان پشین کو بند کرانے اور تدریسی عمل میں خلل ڈالنے کے الزام میں وائس پرنسپل سمیت 6 اساتذہ کو 90 روز کیلئے معطل کیا گیا ہے

احتجاج میں شرکت اور تعلیمی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنا سرکاری ملازمین کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ہے، محکمہ تعلیم بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تعلیم بلوچستان نے بجٹ اجلاس کے روز بلوچستان گرینڈ الائنس کی احتجاجی تحریک میں شرکت اور تعلیمی سرگرمیاں متاثر کرنے کے الزام میں صوبے بھر کے مجموعی طور پر 32 اساتذہ اور ملازمین کو معطل کرتے ہوئے ان کے خلاف مزید انکوائری کا حکم دے دیا۔ محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق بجٹ اجلاس کے موقع پر بلوچستان گرینڈ الائنس کے احتجاج میں شرکت (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

بینظیر بھٹو جمہوری اور ترقی پسند پاکستان کی دائمی علامت تھیں

بلاول بھٹو زرداری

بی بی شہید کی لیگیسی ایسے پاکستان کیلئے مشعلِ راہ ہے جو جموں وکشمیر کے عوام کی منصفانہ و جائز جدوجہد کی حمایت میں غیر متزلزل ہو

اپنی شہید قیادت کے ویژن کی روشنی میں پیپلز پارٹی ہر پاکستانی کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے کو یقینی بنائے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73 ویں سالگرہ کے موقع پر پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ بی بی شہید کا ویژن ایک مضبوط وفاق، بااختیار وفاقی اکائیوں اور آئین کی بالادستی تھا۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ صرف کاغذوں پر رہیگا، مشرق وسطیٰ میں توانائی کی ترسیل معطل رہیگی، مشیر ایرانی سپریم لیڈر

دختر مشرق، شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو کی سالگرہ منائی گئی

ملک کے مختلف شہروں اور بیرون ملک منعقدہ مختلف تقریبات میں خصوصی کیک کاٹے گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعظم، دختر مشرق، شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو کی سالگرہ اتوار 21 جون کو منائی گئی، شہید بے نظیر بھٹو کو خراج (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

لیبیا کے ساحل کے قریب تارکینِ وطن کی کشتی الٹ گئی، 51 ہلاک یا لاپتہ

ابریس گروپ مشرقی لیبیا میں تارکینِ وطن کی نقل و حرکت پر نظر رکھتا ہے

طرابلس (این این آئی) لیبیا کے ساحل کے قریب گزشتہ ہفتے درجنوں (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

عوام پر ظلم و استحصال اور جبر کا نظام مسلط کرنے میں تمام حکمران پارٹیاں شامل ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

سندھ میں پیپلز پارٹی کی 18 سال سے حکومت ہے۔ کراچی کے شہری پانی سے محروم ہیں، پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم نورا کشتی میں لگے ہوئے ہیں

قومی وبلدیاتی انتخابات میں جماعت اسلامی کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا، ضلع ملیر اور مشرف کالونی میں ممبر شپ ڈرائیو کیمپوں کا دورہ وخطاب

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام پر ظلم و استحصال اور جبر کا نظام مسلط کرنے میں تمام حکمران پارٹیاں شامل ہیں، ان پارٹیوں کا عام لوگوں سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ جاگیرداروں، وڈیروں، آٹا مافیا، چینی مافیا کا گٹھ جوڑ ہیں۔ حکمرانوں کو عوام کی تکالیف، مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، عوام 10 سے 12 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ، سڑکیں نہ ہونے اور ٹرانسپورٹ (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

آج بلوچستان کی امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی ہے، مولانا عبدالواسع

دن دہاڑے عوامی فیصلے اور ووٹ کی توہین کرنے والے کردار تاریخ کے کٹہرے میں کھڑے ہوچکے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بنیادی مسائل آج اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ جن امور پر دس سال قبل مذاکرات اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل تلاش کیا جاسکتا تھا، آج ان پر گفتگو کی گنجائش محدود ہوتی جا رہی ہے، اور جن نکات پر آج بات ممکن ہے، خدشہ ہے کہ آنے والے وقت میں وہ مواقع بھی میسر نہ رہیں۔ لہٰذا صوبے پر نت نئے سیاسی و انتظامی تجربات مسلط کرنے کے بجائے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزراء اراکین اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بھی موجود ہیں

امریکا ایران ڈیل پر اسرائیلی میڈیا ٹرمپ سے سخت ناراض، نام کے آگے "حسین" لگا دیا

صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کو لگام ڈالنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا ہے

تہران (این این آئی) ایران امریکا ڈیل پر اسرائیل کی صرف حکومت نہیں بلکہ اس کا میڈیا بھی ڈونلڈ ٹرمپ سے سخت ناراض نظر آ رہا ہے۔ ایک اسرائیلی میڈیا کے پریزنٹر نے اپنے تبصرے میں امریکی صدر کے نام کے ساتھ حسین لگاتے ہوئے کہا کہ یہ ڈونلڈ ٹرمپ نہیں ہیں بلکہ ڈونلڈ حسین ٹرمپ ہیں۔ ادھر اقوام متحدہ میں اسرائیل کو بلیک لسٹ کیے جانے پر اسرائیلی سفیر ہتھے سے اکھڑ گئے۔ اقوام متحدہ کے اجلاس میں مسلح تنازعات اور بچوں سے متعلق (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

امریکہ ایران معاہدہ، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کو عملی جامہ پہنائے جانے پر قوم، سیاسی اور عسکری قیادت کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو جو عزت اور مرتبہ ملا ہے قوموں کو صدیوں میں ایسی کامیابی نصیب نہیں ہوتی، ہم نے دنیا کو قومی یکجہتی اور اتحاد کا پیغام دینا ہے اور اس عظیم فتح کا تقاضا ہے ہم سب ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک ہی صف میں کھڑے ہوں، اس معاہدے سے دنیا میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی ہے جس کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں گے، ایران کے صدر مسعود پزشکیان کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے، ایرانی صدر نے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کی آخری رسومات میں شرکت کی دعوت دی ہے، پاکستان کا وفد شرکت کریگا، اپوزیشن اور سیاسی رہنما دنیا کو بتائیں کہ سیاسی اختلافات کے ساتھ قومی مفادات کیلئے ہم ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ دنیا میں کئی ممالک اور قومیں ایسی عزت کی تلاش میں صدیاں گزار جاتی ہیں تاہم وہ اس طرح سے عزت حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکتیں جس طرح آج پاکستان کو اللہ تعالی نے عزت عطا فرمائی ہے، آج پوری دنیا میں پاکستان کا نام عزت اور وقار سے گونج رہا ہے، پاکستان کے اس کردار پر اس ایوان سے ایک متفقہ قرارداد جانی چاہئے جو اس عظیم کامیابی کیلئے اس ہاؤس کی جانب سے بھرپور تائید ہوگی اور اس سے دنیا میں یکجہتی، اتفاق اور اتحاد کا پیغام جائے گا۔ انہوں نے اپوزیشن کو بھی دعوت دی کہ وہ سیاسی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر ملکر اس مبارک دن اللہ کا شکر ادا کریں اور دنیا کو بتائیں کہ سیاسی اختلافات کے ساتھ ساتھ قومی مفادات کیلئے ہم ایک ہیں اور ایک رہیں گے۔ انہوں نے پاکستان کی اس کامیابی کا اعتراف اس شعر سے کیا کہ ’’ ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پے روتی ہے، بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا‘‘۔ اس عظیم کامیابی میں سب سے کلیدی کردار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ادا کیا، انہوں نے امن کے قیام کیلئے اڑھائی مہینے دن رات کام کیا، کئی مواقع ایسے آئے کہ جب ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ جنگ بندی ختم ہونے والی ہے تاہم خدائے بزرگ و برتر کو پاکستان کو عزت اور وقار دینا مقصود تھا، اسی وجہ سے وہ پہاڑ نما مسائل اور مشکلات بھی حل ہوئیں۔ یہ قوم کا کریڈٹ ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس عمل میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا، اسی طرح وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے بھی ایران کے حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

چین کی ترقی کا راز: پاکستان کے لیے ایک مثال

بات سے بات

منصور نظامانی

mansoornizamani111@gmail.com

بیسویں صدی کے وسط میں چین کا شمار دنیا کے اُن ممالک میں ہوتا تھا جو غربت، پسماندگی، بھوک اور معاشی مشکلات کا شکار تھے۔ اُس وقت شاید ہی کسی نے تصور کیا ہو کہ چند دہائیوں بعد یہی ملک عالمی معیشت، صنعت، سائنس، ٹیکنالوجی اور سفارت کاری کے میدان میں ایک بڑی طاقت بن کر ابھرے گا۔ آج چین نہ صرف دنیا کی دوسری بڑی معیشت ہے بلکہ عالمی تجارت، جدید ٹیکنالوجی، انفراسٹرکچر اور صنعتی پیداوار میں بھی نمایاں مقام رکھتا ہے۔ مصنوعی ذہانت، خلائی تحقیق، تیز رفتار ریل، جدید شہروں اور عالمی تجارتی منصوبوں کے حوالے سے چین کا نام دنیا کے صفِ اول کے ممالک میں شامل ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر چین کی اس غیر معمولی ترقی کا راز کیا ہے؟

چین کی ترقی کو صرف معاشی اعداد و شمار سے نہیں سمجھا جا سکتا، کیونکہ اس کے پیچھے طویل المدتی سوچ، قومی عزم اور مسلسل محنت کی ایک داستان موجود ہے۔ چینی قیادت نے ترقی کو اتفاق پر نہیں چھوڑا بلکہ اس کے لیے واضح اہداف مقرر کیے، منصوبہ بندی کی اور ان منصوبوں پر تسلسل کے ساتھ عمل کیا۔ چین نے یہ حقیقت جلد سمجھ لی تھی کہ قوموں کی ترقی قلیل مدتی فیصلوں سے نہیں بلکہ دہائیوں پر محیط حکمتِ عملیوں سے حاصل ہوتی ہے۔ پالیسیوں میں تسلسل، مضبوط ادارے اور قومی مفادات کو ترجیح دینا چین کی ترقی کی بنیادی وجوہات میں شامل ہیں۔ یہی عوامل چین کو عالمی طاقت بنانے میں اہم ثابت ہوئے ہیں

تعلیم کو چین نے اپنی ترقی کی بنیاد بنایا۔ حکومت نے اسکولوں، جامعات اور فنی تربیت کے اداروں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی۔ تعلیم کو صرف تدریس تک محدود نہیں رکھا گیا بلکہ اسے تحقیق، جدت اور عملی مہارتوں سے جوڑا گیا۔ آج چین کی جامعات اور تحقیقی اداروں سے فارغ التحصیل ہونے والے سائنس دان، انجینئر اور ماہرین دنیا کے جدید ترین منصوبوں میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ چینی حکومت نے اس بات کو بھی یقینی بنایا کہ تعلیم شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں تک بھی پہنچے۔ جدید نصاب، ڈیجیٹل تعلیم اور فنی تربیت کے پروگراموں کے ذریعے نوجوانوں کو عالمی مقابلے کے لیے تیار کیا گیا۔ نتیجتاً ملک کے پاس ایسی افرادی قوت پیدا ہوئی جو معاشی اور سائنسی ترقی کی رفتار کو مسلسل تیز کرتی رہی۔

چین کے معاشی عروج میں صنعت کاری بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ملک میں خصوصی اقتصادی زون قائم کر کے غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کیا گیا، جدید صنعتوں کو فروغ دیا گیا اور برآمدات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ آج چین کو دنیا کی ’’فیکٹری‘‘ کہا جاتا ہے، جہاں موبائل فونز سے لے کر جدید مشینری، گاڑیوں اور الیکٹرانکس تک بے شمار مصنوعات تیار کی جاتی ہیں۔ صنعتوں کی ترقی نے نہ صرف قومی آمدنی میں اضافہ کیا بلکہ کروڑوں افراد کے لیے روزگار کے مواقع بھی پیدا کیے۔ چین نے اپنی صنعتی مصنوعات کے معیار کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دی، جس کے باعث ’’میڈ اِن چائنا‘‘ عالمی منڈیوں میں ایک مضبوط شناخت بن چکا ہے۔ جدید کارخانوں اور ٹیکنالوجی کے استعمال نے پیداواری لاگت کم کی اور مسابقتی صلاحیت میں اضافہ کیا۔ آج کئی عالمی برانڈز بھی اپنی پیداوار کا بڑا حصہ چین میں تیار کرواتے ہیں۔

جدید انفراسٹرکچر چین کی ترقی کا ایک اہم پہلو ہے۔ شاہراہیں، ریلوے لائنیں، بندرگاہیں، ہوائی اڈے اور جدید شہر چین کے ترقیاتی وژن کا حصہ رہے ہیں۔ دنیا کا سب سے بڑا تیز رفتار ریلوے نیٹ ورک آج چین کے پاس موجود ہے، جو نہ صرف عوام کے سفر کو آسان بناتا ہے بلکہ تجارت اور صنعت کی رفتار کو بھی تیز کرتا ہے۔ جدید انفراسٹرکچر معاشی ترقی کے لیے خون کی رگوں کی مانند کام کرتا ہے اور چین نے اس حقیقت کو بروقت سمجھ لیا تھا۔ انفراسٹرکچر کی ترقی سے نہ صرف بڑے شہروں میں معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوا بلکہ پسماندہ علاقوں کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کیا گیا۔ بہتر سڑکوں اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کے باعث کاروباری اخراجات کم ہوئے اور ملکی تجارت کو فروغ ملا۔ یہی وجہ ہے کہ چین کے مختلف علاقوں میں ترقی کا فرق نسبتاً کم نظر آتا ہے۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں چین کی سرمایہ کاری بھی اس کی ترقی کا ایک اہم راز سمجھی جاتی ہے۔ مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، فائیو جی ٹیکنالوجی، برقی گاڑیاں اور خلائی تحقیق جیسے شعبے آج دنیا میں چین کی شناخت بن چکے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک اب چینی ٹیکنالوجی اور صنعتی مصنوعات پر انحصار کر رہے ہیں۔ چین صرف ٹیکنالوجی کا صارف نہیں رہا بلکہ اس کی تخلیق اور برآمد میں بھی قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔ ہواوے، علی بابا، ٹینسنٹ اور بی وائی ڈی جیسی چینی کمپنیاں عالمی سطح پر اپنی پہچان بنا چکی ہیں۔ حکومت نے تحقیق اور جدت کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف پروگرام متعارف کروائے، جن کے ذریعے نئے خیالات کو عملی شکل دی گئی۔ جدید ٹیکنالوجی چین کی معاشی ترقی کو مزید تیز کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

دفاعی شعبہ بھی چین کی قومی طاقت کا ایک اہم جزو ہے۔ جدید جنگی طیاروں، بحری جہازوں، میزائل نظاموں اور خلائی دفاعی صلاحیتوں کے ذریعے چین نے اپنی قومی سلامتی کو مضبوط بنایا ہے۔ ایک مضبوط دفاعی نظام نہ صرف سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے بلکہ معاشی استحکام اور عالمی اعتماد کو بھی فروغ دیتا ہے۔ چین نے دفاعی شعبے میں مقامی پیداوار پر زور دے کر درآمدی انحصار کو کم کیا ہے۔ جدید دفاعی ٹیکنالوجی اور تحقیق نے ملک کو عالمی سطح پر مزید طاقتور بنانے میں مدد دی ہے۔ قومی سلامتی کے مضبوط ستونوں نے چین کو اپنے ترقیاتی منصوبوں پر اعتماد کے ساتھ عمل کرنے کا موقع فراہم کیا۔

اس کے ساتھ ساتھ چین کی سفارت کاری بھی اس کی ترقی کی ایک اہم وجہ ہے۔ چین نے ’’بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو‘‘ جیسے منصوبوں کے ذریعے ایشیا، افریقہ اور یورپ کے ممالک کیساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات مضبوط کیے ہیں۔ چین نے دنیا کے ساتھ تصادم کے بجائے تعاون، تجارت اور مشترکہ ترقی کی پالیسی اپنائی، جس سے اس کا عالمی اثر و رسوخ مسلسل بڑھا ہے۔ چین اقوام متحدہ سمیت مختلف بین الاقوامی اداروں میں بھی فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے ساتھ سفارت کاری، تجارت، سرمایہ کاری اور انفراسٹرکچر منصوبوں کے ذریعے چین نے اپنے تعلقات مزید مستحکم کیے ہیں۔ متوازن سفارت کاری چین کو عالمی طاقت بنانے میں ایک اہم عنصر ثابت ہوئی ہے۔

چین کی کامیابی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اس نے معاشی ترقی کے فوائد عوام تک پہنچانے کی کوشش کی۔ غربت کے خاتمے، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دے کر کروڑوں لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لائی گئی۔ جب ترقی کے ثمرات عام عوام تک پہنچتے ہیں تو سماجی استحکام اور قومی اتحاد بھی مضبوط ہوتا ہے۔ چین کی غربت کے خاتمے کی مہم کو عالمی اداروں نے بھی سراہا ہے، کیونکہ لاکھوں خاندانوں کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی آئی ہے۔ صحت، تعلیم اور روزگار کے بہتر مواقع نے عوام کے معیارِ زندگی کو بلند کیا۔ اس سے سماجی ہم آہنگی اور قومی ترقی کا عمل مزید مضبوط ہوا۔

چین کی ترقی پاکستان کے لیے ایک اہم مثال ہے۔ پاکستان کے پاس بھی نوجوان آبادی، قدرتی وسائل اور جغرافیائی اہمیت جیسی بے شمار صلاحیتیں موجود ہیں، لیکن ان صلاحیتوں کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے طویل المدتی منصوبہ بندی، معیاری تعلیم، مضبوط اداروں، صنعت کاری اور تحقیق پر توجہ دینا ضروری ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کو پالیسیوں کے عدم تسلسل، تعلیمی معیار کی کمی، محدود صنعتی ترقی اور تحقیق پر ناکافی سرمایہ کاری جیسے چیلنجز کا سامنا ہے۔ یہی وہ شعبے ہیں جن پر چین نے مسلسل توجہ دے کر اپنی ترقی کی بنیادوں کو مضبوط بنایا۔

اگر پاکستان انسانی وسائل کی ترقی، فنی تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، برآمدات کے فروغ اور اچھی حکمرانی کو قومی ترجیح بنائے تو ملک کی معاشی صورتحال میں نمایاں بہتری آسکتی ہے۔ چین کا تجربہ ثابت کرتا ہے کہ ترقی صرف قدرتی وسائل یا مالی سرمائے سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے قومی عزم، مؤثر قیادت، مضبوط اداروں اور مسلسل محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ قلیل مدتی پالیسیوں کے بجائے طویل المدتی ترقیاتی حکمت عملی اختیار کرے تاکہ ملک پائیدار ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔

آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ چین کی ترقی کا راز کسی ایک شعبے یا ایک پالیسی میں پوشیدہ نہیں بلکہ یہ تعلیم، صنعت، سائنس، ٹیکنالوجی، انفراسٹرکچر، دفاع، سفارت کاری اور انسانی ترقی پر مبنی ایک جامع حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔ چین نے ثابت کر دکھایا ہے کہ جب قومیں علم، محنت، نظم و ضبط اور قومی مفادات کو ترجیح دیتی ہیں تو وہ نہ صرف اپنی تقدیر بدلتی ہیں بلکہ دنیا کی تاریخ پر بھی گہرے اثرات چھوڑتی ہیں۔ چین کی ترقی کی کہانی دراصل عزم، حکمت عملی اور مسلسل جدوجہد کی ایسی داستان ہے جو آج بھی دنیا کے کئی ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک روشن مثال اور اہم سبق ہے۔ پاکستان بھی اگر چین کے ترقیاتی ماڈل سے سیکھتے ہوئے تعلیم، تحقیق، صنعت اور اچھی حکمرانی کو قومی ترجیح بنائے تو ترقی اور خوشحالی کے خواب حقیقت کا روپ دھار سکتے ہیں۔

ظہور بلیدی کی قیادت اور مکران کے نوجوانوں کی امیدیں

تحریر: اسلم نظر

کسی بھی سماج میں نوجوان اپنی سیاسی اور سماجی قیادت سے بڑی امیدیں وابستہ رکھتے ہیں۔ سیاسی قیادت نہ صرف ان کی رہنمائی کرتی ہے بلکہ ان کی تربیت اور شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ کسی بھی علاقے کی سیاسی اور سماجی قیادت وہاں کے نوجوانوں کو ایمانداری، اخلاق، حسنِ سلوک اور ذمہ داری جیسے اصولوں سے آراستہ کرتی ہے۔ یہ اصول کسی بھی مہذب معاشرے کے بنیادی ستون ہوتے ہیں۔ یہ ستون جتنے مضبوط ہوں گے، تو اس سماج کی اخلاقی اقدار بھی اتنی ہی مستحکم ہوں گی، جس کے نتیجے میں ایک ترقی یافتہ، باشعور، خوشحال اور پُرامن معاشرہ تشکیل پائے گا۔

اسی طرح ظہور بلیدی کی قیادت پر مکران کے نوجوانوں کی بڑی امیدیں وابستہ ہیں۔ ظہور صاحب اپنی سیاسی بصیرت اور مثبت سوچ کے ذریعے نوجوانوں کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ تاکہ نوجوان نسل علم و فن سے آراستہ ہو کر اپنی قوم کیلئے ایک قیمتی سرمایہ ثابت ہو سکے۔ کیونکہ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں نوجوان نسل ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ اگر ریڑھ کی ہڈی مضبوط ہو تو سماج کی ترقی اور خوشحالی بھی مضبوط بنیادوں پر استوار ہوگی۔

اس سلسلے میں ظہور صاحب نے کئی تعلیمی ادارے قائم کیے ہیں اور متعدد تعلیمی اداروں کو اپ گریڈ بھی کیا ہے۔ نئے بجٹ میں بھی کئی تعلیمی اداروں کے قیام اور اپ گریڈیشن بھی شامل کیے گئے ہیں۔ ان اداروں میں غریب اور پسماندہ طبقے کے بچے معیاری تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اور ان تعلیمی اداروں میں تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوانوں کو روزگار کے مواقع بھی فراہم کیے گئے ہیں تاکہ وہ لوگوں کی خدمت کرنے کیساتھ ساتھ باعزت طریقے سے اپنا ذریعہ معاش بھی حاصل کر سکے۔

اسی طرح غلام فاروق میموریل اسپتال کا قیام بھی عمل میں لایا گیا، جہاں اہلِ علاقہ کو علاج و معالجہ کی معیاری سہولیات میسر ہے اس کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو بھی مختلف شعبوں میں ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں، جن میں ڈاکٹرز، نرسز، مالی، آیا اور ایڈمنسٹریٹرز شامل ہیں۔

علاوہ ازیں، ظہور صاحب نے اپنے علاقے میں متعدد واٹر سپلائیوں کے منصوبے بھی شروع کیے ہیں تاکہ عوام کو صاف پانی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ روزگار کے مواقع بھی میسر ہو۔ آپ نے واٹر سپلائیوں کو چلانے کیلئے ہر واٹر سپلائی میں کم از کم تین لوگوں کو ملازمتیں بھی دی ہیں۔ تاکہ اہل علاقہ کے نوجوان ایک باعزت طریقے سے اپنا ذریعہ معاش کما کر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو جائیں۔ ان اقدامات سے ظہور صاحب کے علاقے کے نوجوان آپ کی فلاحی کاموں سے بہت خوش ہیں اور آئندہ کیلئے بھی بڑی امیدیں بھی رکھتے ہیں۔

علاوہ ازیں، میاں ظہور صاحب نے 2026-27 کے بجٹ میں زراعت سے وابستہ نوجوانوں کیلئے سولرائزیشن کا ایک جامع منصوبہ شامل کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت کھیتی باڑی اور کاشت کاری سے وابستہ کئی نوجوانوں کو شمسی فراہم کیا جائے گا یہ قدم اہل علاقہ کیلئے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ کیونکہ شمسی، توانائی پیدا کرنے کا ایک سستا ذریعہ ہے۔ جس سے لوگوں کو بہت سارے فوائد ملیں گے۔ شمسی سستے پمپوں میں کسانوں اور کاشتکاروں کو توانائی فراہم کرتی ہے جس میں فصلیں اگانے کیلئے اخراجات بہت کم ہوں گے۔ اس سے علاقے میں سبزیاں، پھل، گندم، چاول، تربوز، کھجور اور دوسری زرعی پیداوار لوگوں کو سستے داموں میں ملیں گے۔ سستی توانائی کی بدولت کسان اپنی فصلوں سے خاطر خواہ منافع کمائیں گے۔ اس سے بیروزگاری میں بھی کمی آئے گی کیونکہ پاکستان-ایران بارڈر بندش کی وجہ سے مکران کے اکثر نوجوان بیروزگار ہو چکے ہیں۔ جب لوگوں کو شمسی کی سہولت میسر ہوگی تو وہ اپنی زمینوں پر کاشت کاری کر کے اپنا ذریعہ معاش کما سکیں گے۔

ان کے علاوہ ظہور صاحب نے مکران کے بیشتر نوجوانوں کو پڑھنے کیلئے مالی امداد دی ہے اور ابھی بھی دے رہے ہیں۔ ایسے اقدامات ضرورت مند اور تعلیم کے شوق رکھنے والے طلبہ کیلئے نہ صرف امید کی ایک کرن ہیں، بلکہ ان کی رہنمائی اور کیریئرز بلڈنگ کیلئے مشعل راہ ہیں۔ یہ نوجوان تعلیم حاصل کر کرنے کے بعد اپنے علاقے میں علم کا شمع جلاتے رہیں گے اور لوگوں میں شعور اجاگر کر کے ایک ترقی یافتہ اور تہذیب یافتہ سماج تشکیل دیں گے۔ ان اقدامات سے لوگوں میں نہ صرف سیاسی اور سماجی شعور بیدار ہوگا بلکہ ان کی معاشی حالت بھی بہتر ہوگی۔ کیونکہ تعلیم یافتہ لوگوں کیلئے روزگار کے زیادہ مواقع پیدا ہوں گے۔ ساتھ ساتھ وہ اسٹارٹ اپ، آئی ٹی اور انٹرپرینیورشپ کے میدان میں کام کر کے اپنا ذریعہ معاش کما سکیں گے۔ چنانچہ ظہور صاحب کی قیادت میں ایک پڑھا لکھا باشعور اور خوشحال معاشرہ تشکیل پائے گا۔

اسی طرح حال ہی میں ظہور صاحب نوجوانوں کو فن و ہنر سکھانے کیلئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کے قیام کیلئے ایک منصوبہ پر کام کر رہے ہیں۔ اس منصوبے کے تحت مکران کے نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھائے جائیں گے تاکہ ان کیلئے ملک اور بیرون ملک میں روزگار زیادہ سے زیادہ کے مواقع پیدا ہوں۔ جن میں کمپیوٹر کورسز، الیکٹریشن کا کام، موبائل بنانے، گھڑی کی مرمت، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے بنانے کے ہنر سکھائیں گے۔ ایسے ہنرمند نوجوان معاشی طور پر خودمختار ہو کر ایک عظیم عظمت والی زندگی گزاریں گے۔

خصوصی اشاعت

شہید عثمان لالا، ایک عہد، ایک نظریہ کا نام

ملی شہید، عظیم رہبر، انسانیت کے علمبردار کی پانچویں برسی

تحریر: انجینئر ذین کاسی

21 جون محض ایک تاریخ نہیں، بلکہ پشتون قومی تحریک، بلوچستان کی سیاسی تاریخ، جمہوریت پسند قوتوں اور مظلوم انسانوں کے دلوں پر ثبت ایک ایسا زخم ہے جو وقت گزرنے کے باوجود تازہ ہے۔ یہ وہ دن ہے جب ایک عظیم رہنما، ایک بے باک آواز، ایک مدبر سیاست دان، ایک دانشور، ایک عوامی قائد اور لاکھوں دلوں کی دھڑکن شہید عثمان خان کاکڑ المعروف عثمان لالا ہم سے جدا ہوگئے۔ آج ان کی شہادت کو پانچ برس بیت چکے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ بعض شخصیات جسمانی طور پر دنیا سے رخصت ہوجاتی ہیں مگر ان کے افکار، نظریات، کردار اور جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے زندہ رہتے ہیں۔ عثمان لالا بھی انہی نابغہ روزگار شخصیات میں شامل ہیں جنہیں وقت مٹا نہیں سکا اور نہ ہی آنے والا وقت انہیں فراموش کر سکے گا۔ پشتون قومی تحریک کی تاریخ جب بھی لکھی جائے گی، عثمان لالا کا نام سنہری حروف میں درج ہوگا۔ وہ محض ایک سیاسی رہنما نہیں تھے بلکہ ایک عہد تھے۔ ایک ایسا عہد جس میں جدوجہد تھی، شعور تھا، مزاحمت تھی، محبت تھی، برداشت تھی، اصول پسندی تھی اور سب سے بڑھ کر انسان دوستی تھی۔ وہ ان لوگوں میں شامل تھے جنہوں نے سیاست کو کاروبار نہیں بنایا بلکہ اسے عبادت سمجھا۔ انہوں نے اقتدار کو مقصد نہیں بلکہ عوامی خدمت کو اپنی منزل بنایا۔ ان کی پوری زندگی اس بات کی گواہ ہے کہ انہوں نے ہر موقع پر ذاتی مفادات کے بجائے قومی مفادات کو ترجیح دی۔ زمان؟ طالب علمی ہی میں وہ پشتون قومی تحریک سے وابستہ ہوگئے تھے۔ نوجوانی کے ابتدائی دنوں میں ہی ان کی شخصیت میں وہ فکری پختگی، سیاسی بصیرت اور قومی شعور موجود تھا جو بڑے بڑے رہنماؤں میں بھی کم نظر آتا ہے۔ مطالعہ، مشاہدہ اور سیاسی جدوجہد نے انہیں جلد ہی تحریک کے صف اول کے رہنماؤں میں شامل کر دیا۔ ان کی گفتگو میں دلیل ہوتی تھی، ان کے مؤقف میں وزن ہوتا تھا اور ان کے کردار میں اخلاص جھلکتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ نہ صرف اپنی جماعت بلکہ پورے سیاسی منظرنامے میں ایک منفرد مقام رکھتے تھے۔ عثمان لالا پشتون قوم کے حقوق کے سب سے مضبوط ترجمانوں میں شمار ہوتے تھے، لیکن ان کی سیاست کسی ایک قوم تک محدود نہیں تھی۔ وہ تمام مظلوم اقوام، محروم طبقات اور کمزور انسانوں کی آواز تھے۔ ان کے دل میں پشتونوں کے ساتھ ساتھ بلوچ، سندھی، سرائیکی، کشمیری اور ملک کے ہر مظلوم طبقے کے لیے درد موجود تھا۔ وہ یقین رکھتے تھے کہ انسانیت سب سے بڑی شناخت ہے اور انصاف سب سے بڑی سیاست۔ یہی وجہ تھی کہ ان کی مقبولیت قومی، لسانی اور جغرافیائی حدود سے بہت آگے جا چکی تھی۔ پشتون بلوچ اتحاد کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ وہ ہمیشہ کہتے تھے کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور امن مختلف اقوام کے درمیان محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام میں پوشیدہ ہے۔ انہوں نے اپنی پوری سیاسی زندگی میں پشتون اور بلوچ عوام کے درمیان اتحاد، ہم آہنگی اور مشترکہ جدوجہد کا پیغام دیا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شہادت کے بعد بلوچ علاقوں میں جس انداز سے ان کی میت کا استقبال کیا گیا، وہ تاریخ کا ایک ناقابلِ فراموش باب بن چکا ہے۔ عثمان لالا کی سب سے بڑی کامیابی نوجوان نسل میں سیاسی شعور پیدا کرنا تھی۔ اگر آج پشتون نوجوان اپنے حقوق، آئین، جمہوریت، تعلیم اور قومی مسائل کے حوالے سے آگاہی رکھتے ہیں تو اس میں عثمان لالا کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو بندوق نہیں بلکہ کتاب دی، نفرت نہیں بلکہ شعور دیا، مایوسی نہیں بلکہ امید دی۔ انہوں نے نوجوانوں کو بتایا کہ قوموں کی تقدیر میدان جنگ سے زیادہ تعلیمی اداروں، لائبریریوں اور فکری مراکز میں لکھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں نوجوان آج بھی انہیں اپنا آئیڈیل مانتے ہیں۔

ایوان بالا میں ان کی موجودگی جمہوریت پسند قوتوں کے لیے حوصلے کا باعث تھی۔ سینیٹ میں ان کی تقاریر سیاسی بصیرت، آئینی شعور اور عوامی ترجمانی کی بہترین مثال سمجھی جاتی ہیں۔ وہ جب بولتے تھے تو صرف ایک جماعت یا ایک قوم کی نہیں بلکہ پورے ملک کے محروم طبقات کی آواز بن جاتے تھے۔ ان کی گفتگو میں دلیل کی طاقت، حق گوئی کی جرات اور عوامی مسائل کا درد نمایاں ہوتا تھا۔ انہوں نے ہر فورم پر جمہوریت، آئین کی بالادستی، انسانی حقوق، صوبائی خودمختاری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے آواز بلند کی۔ پانچ سال قبل جب ان پر ان کے گھر میں قاتلانہ حملہ ہوا تو پورا ملک سکتے میں آ گیا۔ عوام کو یقین نہیں آ رہا تھا کہ ایک ایسا رہنما جو ہمیشہ امن، جمہوریت اور عوامی حقوق کی بات کرتا تھا، اس طرح نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ان کی شہادت کی خبر نے بلوچستان سے اسلام آباد اور کراچی سے خیبر تک ہر دل کو غمزدہ کر دیا۔ لاکھوں آنکھیں اشکبار تھیں اور لاکھوں دل اس سانحے پر سوگوار تھے۔ جب ان کی میت کراچی سے کوئٹہ کے لیے روانہ ہوئی تو بلوچستان کی تاریخ نے ایک منفرد منظر دیکھا۔ راستے بھر عوام سڑکوں کے کنارے جمع تھے۔ لوگ اپنے محبوب قائد کی آخری جھلک دیکھنے کے لیے گھنٹوں انتظار کرتے رہے۔ بلوچ علاقوں میں جس محبت، عقیدت اور احترام کے ساتھ ان کی میت کا استقبال کیا گیا، اس کی مثال کم ہی ملتی ہے۔ پھول نچھاور کیے گئے، دعائیں مانگی گئیں اور آنسوؤں کے ساتھ اپنے محبوب قائد کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سفر نے ثابت کر دیا کہ عثمان لالا صرف پشتونوں کے رہنما نہیں تھے بلکہ پورے بلوچستان کے دلوں کی دھڑکن تھے۔ مسلم باغ، جسے ماضی میں ہندو باغ کہا جاتا تھا، میں ان کے جنازے کا منظر تاریخ کے صفحات میں ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ لاکھوں افراد کی موجودگی نے ثابت کر دیا کہ حقیقی رہنما وہی ہوتا ہے جو لوگوں کے دلوں میں گھر کر لے۔ دور دراز علاقوں سے قافلے آئے، لوگوں نے میلوں کا سفر طے کیا اور اپنے محبوب قائد کو آخری سلام پیش کیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پورا خطہ سوگ میں ڈوبا ہوا ہے۔ آج ان کے مزار پر ایک عظیم الشان مقبرہ تعمیر ہو رہا ہے۔ یہ صرف ایک مقبرہ نہیں بلکہ ایک فکری اور سیاسی مرکز ہوگا۔ یہاں جدید لائبریری قائم ہوگی، تحقیقی سرگرمیوں کے لیے اکیڈمی ہوگی اور نوجوان نسل کے لیے ایک ایسی درسگاہ ہوگی جہاں انہیں شعور، علم، تحقیق اور قومی خدمت کا سبق ملے گا۔ آنے والی نسلیں یہاں آ کر جان سکیں گی کہ قوموں کی تعمیر کس طرح قربانی، جدوجہد اور اصول پسندی سے کی جاتی ہے۔ شہید عثمان لالا کے بعد ان کے فرزند خوشحال خان کاکڑ نے ایک بھاری ذمہ داری سنبھالی۔ وہ عمر جس میں انسان اپنی تعلیم، پیشہ ورانہ زندگی اور ذاتی خوابوں کے بارے میں سوچتا ہے، اس عمر میں انہوں نے لاکھوں لوگوں کی امیدوں اور توقعات کا بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھایا۔ عوام کے اصرار اور محبت نے انہیں والد کے مشن کو آگے بڑھانے پر آمادہ کیا۔ آج وہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی کی حیثیت سے سیاسی میدان میں سرگرم ہیں۔ بہت سے لوگ خوشحال خان کاکڑ میں عثمان لالا کی جھلک دیکھتے ہیں۔ ان کی شخصیت، سادگی، عوام سے قربت، شائستگی، سیاسی انداز اور قومی مسائل کے حوالے سے حساسیت میں لوگ اپنے محبوب رہنما کی یاد محسوس کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نوجوان نسل ان سے بڑی توقعات وابستہ کیے ہوئے ہے۔ افسوس کا مقام یہ ہے کہ پانچ سال گزرنے کے باوجود آج بھی قوم ایک بنیادی سوال کا جواب تلاش کر رہی ہے۔ آخر وہ کون لوگ تھے

جنہوں نے عثمان لالا جیسے عظیم رہنما کو ہم سے چھین لیا؟ ان کے قتل کے اصل محرکات کیا تھے؟ وہ عناصر کون تھے جو ایک قومی آواز کو خاموش کرنا چاہتے تھے؟ وقت گزر گیا، حکومتیں بدل گئیں، حالات بدل گئے لیکن یہ سوال آج بھی زندہ ہے۔ لاکھوں دل آج بھی انصا

1

ایران کے درمیان جنگ تباہ کن تھی، اسکا عالمی معیشت پر منفی اثر پڑا، امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں تین تکنیکی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ تکنیکی ٹیمیں جوہری مسئلے، منجمد اثاثوں اور لبنان کی صورتحال پر گفتگو کریں گی، ایران کے جوہری ذخیرے کی افزودگی کی شرح کو کم کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ امریکا اور ایران اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ سفارت کاری ہی مسئلے کا حل ہے، امید ہے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات مثبت انداز میں آگے بڑھیں گے۔

2

راہ کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ جب انہوں نے عوام سے مختلف وعدے اور دعوے کیے تو ناقدین اور مخالفین نے طنز کے نشتر برسائے، تاہم ان کی حکومت نے ثابت کیا کہ جو وعدہ کیا جاتا ہے اسے پورا بھی کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "اگر ٹھان لیا ہے تو ٹھان لیا ہے" ہماری حکومت کا عملی شعار ہے وزیر اعلیٰ نے رواں مالی سال کی کارکردگی بیان کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایوان سے وعدہ کیا تھا کہ بلوچستان کا کوئی بھی اسکول بند نہیں رہے گا۔ آج صوبے کے 15 ہزار 370 اسکولوں میں سے 15 ہزار فعال ہیں جبکہ 370 اسکول صرف اس وجہ سے بند ہیں کیونکہ وہ غلط مقامات پر تعمیر کیے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 14 ہزار اساتذہ کی شفاف بھرتی، 3 ہزار 200 سے زائد اسکولوں کی بحالی اور 7 لاکھ 20 ہزار بچوں کا داخلہ کسی خواب کی تعبیر نہیں بلکہ زمینی حقیقت ہے انہوں نے بتایا کہ آؤٹ آف اسکول بچوں کی تعداد میں 14 فیصد کمی آئی ہے، ڈراپ آؤٹ ریٹ میں 5 فیصد کمی واقع ہوئی ہے جبکہ لعلیم مکمل کیے بغیر اسکول چھوڑنے والے بچوں کی شرح میں 11 فیصد کمی آئی ہے۔ یونیسف لٹریسی ریٹ 49 فیصد سے بڑھ کر 60 فیصد تک پہنچ چکا ہے صحت کے شعبے میں پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 2 ہزار 800 سے زائد طبی عملے کی بھرتی کی گئی، 4 ہزار 519 ڈاکٹروں کو ترقی دی گئی، 164 بنیادی مراکز صحت فعال بنائے گئے اور او پی ڈی میں 10 لاکھ مریضوں کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں جدید ٹراما سینٹر کام شروع کر چکا ہے، کیمسٹ انسٹیٹیوٹ عمل ہو چکا ہے، سیٹلائٹ ٹیلی میڈیسن سروس کا آغاز ہو چکا ہے، تمام فارمیسیز کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے جبکہ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکیولر ڈیزیز اور بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیورو سرجری اینڈ نیورولوجی افتتاح کے لیے تیار ہیں انہوں نے کہا کہ ادویات کی دستیابی کی شرح 46 فیصد سے بڑھ کر 89 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ زچہ و بچہ مراکز میں ضروری سامان کی دستیابی 11 فیصد سے بڑھ کر 86 فیصد ہو گئی ہے، ایمرجنسی ادویات کی دستیابی 94 فیصد تک پہنچ چکی ہے جبکہ زچہ و بچہ کی بنیادی سہولیات 4 فیصد سے بڑھ کر 83 فیصد تک پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نومبر 2024 کے بعد صوبے میں پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا جبکہ ویکسی نیشن کی شرح 38 فیصد سے بڑھ کر 56 فیصد تک پہنچ چکی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جب ان کی حکومت نے اقتدار سنبھالا تو کوئٹہ کے سرکاری دفاتر میں حاضری کی شرح 45 فیصد تھی جو اب بڑھ کر 82 فیصد ہو گئی ہے جبکہ صحت مراکز میں حاضری 80 فیصد سے تجاوز کر چکی ہے۔ فائلوں پر فیصلوں کا دورانیہ 92 دن سے کم ہو کر اوسطاً 13 دن رہ گیا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز کے استعمال کی شرح 100 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ ماضی میں یہ شرح 65 فیصد سے زیادہ نہیں تھی۔ اگر کوئی سیاسی قوت آئین پاکستان اور قانون کو تسلیم کرتی ہے تو حکومت اس سے مذاکرات کے لیے تیار ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے پہلی مرتبہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو اپنی جنگ سمجھ کر لڑنے کا فیصلہ کیا ہے جس سے دشمن کو کھلا ہاٹ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک روشن مستقبل کی جانب پرواز کر چکا ہے اور دشمن قوتیں اس سے پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض بیرونی عناصر بھی دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی کر رہے ہیں اور اگر ان کی سرپرستی ختم ہو جائے تو یہ تنظیمیں بہت جلد ماضی کا حصہ بن جائیں گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے دہشت گردی کے خلاف حکمت عملی تبدیل کر دی ہے۔ ایک طرف دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں جبکہ دوسری طرف عوامی خدمت اور گڈ گورننس کے ذریعے ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد مضبوط کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر تشدد اور بدامنی کے ہمیشہ مخالف رہے ہیں اور بھی یہ تسلیم نہیں کر سکتے کہ کوئی گروہ بندوق کے زور پر ریاست سے اپنی بات منوائے۔ انہوں نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ بلوچستان میں مکمل امن قائم ہوگا اور وہ اپنی آخری سانس تک پاکستان دشمن عناصر کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گرد کسی پنجابی، سندھی، بلوچ یا پشتون کو نہیں بلکہ پاکستانیوں کو شہید کرتے ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی مشترکہ جنگ ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ہر وہ قدم اٹھا رہی ہے جو صوبے اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ضروری ہے۔

3

مارشل عاصم منیر کا کردار بھی قابل تحسین ہے جنھوں نے اس کیلئے انتھک محنت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ جب ہم واپس جائیں تو ہمارے پاس ایک معاہدے کی زبردست دستاویز ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر دنیا میں اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ امریکی صدر جے ڈی وینس نے مذاکرات کیلئے فعال کردار ادا کیا، امریکا اور ایران میں ایسے نتیجہ خیز مذاکرات کے منتظر ہیں جو مثبت نتائج لائیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایک بار پھر پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ اس سارے معاملے میں ان دونوں شخصیات کا کردار بہت شاندار رہا ہے۔ جے ڈی وینس نے پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

CANCELLATION OF TENDER.

With reference to the subject cited above, it is submitted that this office Notice Inviting Tender (NIT) for the work titled "Revamping Of BMC Quetta (Revamping Works At Ward# 11 Block (Gynae) BMC Hospital Quetta & Revamping Works At Ward# 16 Block (Gynae) BMC Hospital Quetta (Package No 1) **TSE-2526061098533**" & Revamping of BMC Quetta (Relocationing of Nursing College, Revamping Works Existing Nursing College Area & Semi Modular Operation Theater (Package No 2) **TSE-2526061098543**.

The above-mentioned development works were advertised in leading daily newspapers under AB No. 1426/08-06-2026 and were also uploaded on the BPPRA website. The date fixed for submission and opening of bids was 23rd June, 2026.

It is hereby notified that the tenders for the above-mentioned works are cancelled due to the unavoidable circumstances.

PROJECT DIRECTOR REVAMPING PROJECTS OF SPH & BMC

AB No.1483/19-06-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نہیں ایک بہترین سپہ سالار قرار دیا ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ عاصم منیر اگرچہ ایک عسکری قائد ہیں لیکن انھوں نے دکھایا ہے کہ وہ بہترین سفارتکار بھی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر شروع دن سے ہمارے ساتھ ہیں اور پاکستان کا مثبت کردار دنیا بھر میں سراہا گیا ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر میرے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے انتہائی قریبی دوست ہیں۔

4

جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبے میں قائم محکمہ مذہبی امور ختم کر دیا گیا ہے، بلوچستان کا بیتہ چند ماہ پہلے اس محکمے کو ختم کرنے کی منظوری دے چکی تھی ، حکومت بلوچستان کے حکام کے مطابق محکمے کے 1237 ملازمین کی خدمات کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے سپرد کی گئیں ہیں جبکہ محکمے کی پراپرٹی، گاڑیوں، دفاتر محکمہ ریونیو کے حوالے کئے گئے ہیں بلوچستان حکومت کے حکام کے مطابق زکوۃ فنڈز کی مد میں محکمے کے پاس موجود 4 ارب روپے بلوچستان انڈومنٹ فنڈ کو منتقل کر دی گئی ہے یہ رقم محکمہ مذہبی امور کے 4 سال سے موجود تھی۔

5

شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے صدر اسمبلی کو نیک خواہشات اور سلام پہنچایا اور مصر کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ، برادرانہ اور کشیدا تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور مصر کے درمیان حالیہ اعلیٰ سطحی روابط کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مثبت پیش رفت کو سراہا، جس نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے میں کردار ادا کیا ہے

6

مطابق برکس اسٹاک میں وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سربراہی میں موجود پاکستان وفد سے ایران اور امریکا کے وفود نے ملاقات کی۔ ذرائع نے بتایا کہ اس دوران فریقین کی جانب سے پاکستان کو ایران امریکا مذاکرات کی سربراہی کی پیشکش کی گئی ہے۔ ایران کی جانب سے اسپیکر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی جبکہ ملاقات میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے ۔ ایرانی اور پاکستانی قیادت نے ایک دوسرے کو گرمجوشی سے گلے لگایا جبکہ اس سے قبل امریکی وفد نے پاکستانی وفد سے ملاقات کی تھی۔

7

کیلئے وزیر اعظم شہباز شریف اور قطری وزیر اعظم نے امریکا اور ایران کے وفود کا سوئٹزرلینڈ میں کانفرنس ہال میں پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اتوار کو ہونے والے تکنیکی مذاکرات کیلئے سوئٹزرلینڈ میں کانفرنس ہال میں پہنچے پر وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور قطر کے وزیر اعظم محمد بن عبدالرحمان نے فریقین کا استقبال کیا، اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ امریکی وفد میں نائب صدر جے ڈی وینس، ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر اور نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف جبکہ ایرانی وفد میں پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی شامل تھے۔

8

پرستی اور عدم برداشت کی کوئی جگہ نہیں۔

9

بحری تجارتی راستوں، عالمی سپلائی چینز اور بین الاقوامی تجارت پر بھی پڑ سکتے تھے۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق وزرائے خارجہ نے چوتھے مشاورتی اجلاس کے بعد اپنے مشترکہ اعلامیہ میں کہا کہ یہ اجلاس علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کا ایک بہترین موقع تھا۔ اجلاس مصر کی دعوت پر 21 جون کو قاہرہ میں منعقد ہوا جس میں مشرق وسطیٰ اور وسیع تر خطے میں امن، سلامتی، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کیلئے چاروں ممالک کے مابین مسلسل مشاورت اور ہم آہنگی کی اہمیت کا اعادہ کیا گیا۔ حالیہ علاقائی پیش رفت پر وزرائے خارجہ نے خصوصاً 18 جون 2026 کو امریکہ اور ایران کے مابین اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت) ایم او یو (پر دستخط کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اس اہم پیش رفت کو کشیدگی میں کمی اور ایک ایسے تنازعے کے خاتمے کی طرف ایک مثبت قدم قرار دیا جس سے علاقائی سلامتی و استحکام کے ساتھ ساتھ توانائی کی منڈیوں، بین الاقوامی بحری راستوں، عالمی سپلائی چینز اور بین الاقوامی تجارت کو شدید خطرات لاحق تھے

10

مذاکرات کے موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سوئس وزیر خارجہ نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت تک پہنچنے والے مذاکراتی عمل میں پاکستان کے موثر ثالثی کردار کو سراہتے ہوئے آئندہ مراحل میں بھی تعاون اور معاونت کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سوئس حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر کامیاب عمل درآمد نہ صرف خطے میں پائیدار امن بلکہ عالمی اقتصادی استحکام کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر اعظم نے پاکستان میں سوئٹزرلینڈ کی مسلسل سرمایہ کاری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ سوئس کمپنیاں اپنی سرمایہ کاری میں مزید اضافہ کریں گی

11

حملوں میں 32 افراد جاں بحق ہوئے جس کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے اسرائیلی فوج کو جنوبی لبنان میں حملے روکنے کا حکم دیا۔ نیتن یاہو نے یہ فیصلہ امریکہ کے ساتھ مشاورت کے بعد کیا، اس سے پہلے اسرائیل نے لبنان پر حملے اور ایران نے جواب میں آبنائے ہرمز بند کر دی تھی۔ ادھر اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے فوج کو لبنان میں حملوں سے روک دیا۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نیتن یاہو نے لبنان کے ساتھ سیز فائر کے احکامات جاری کر دیے، گزشتہ روز جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملے میں 16 افراد شہید ہوئے تھے، صہیونی فورسز نے رہائشی آبادیوں کو نشانہ بنایا تھا

12

اسرائیلی فضائی حملوں میں کم از کم 11 فلسطینی جاں بحق ہو گئے ہیں، جن میں ایک صحافی اور ایک ہی خاندان کے چار افراد بھی شامل ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے مطابق رات گئے غزہ سٹی کے علاقے الصبرہ میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ کو اسرائیلی فضائی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ حملے میں الصفدی خاندان کے چار افراد، جن میں میاں بیوی اور ان کی دو نوعمر بیٹیاں شامل تھیں، جاں بحق ہو گئے جبکہ 12 افراد زخمی بھی ہوئے۔ غزہ کے الشفا اسپتال نے تصدیق کی کہ حملے میں جاں بحق ہونے والوں میں دو بچے بھی شامل ہیں۔ متاثرہ خاندان کے رشتہ دار نائل الصفدی نے کہا کہ حملے کے وقت خاندان کے افراد سو رہے تھے اور ان کا کسی عسکری گروہ سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ یقینی شاہدین کے مطابق میزائل حملے سے عمارت کا ایک بڑا حصہ تباہ ہو گیا، جبکہ گھریلو سامان، کپڑے اور دیگر اشیا ملبے تلے دب گئیں۔

13

فنڈز سے بنایا ہے، اس کے لئے وفاقی حکومت نے کوئی فنڈز نہیں دیے۔ اتوار کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لاہور اور رنج لائن منصوبہ سی پیک کے تحت نہیں بلکہ صوبائی حکومت نے اپنے وسائل سے بنایا ہے۔ وفاقی حکومت نے اس منصوبے کے لئے ایک روپیہ بھی نہیں دیا۔

14

نے اپنی پوری زندگی ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے وقف کر دی۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی جدوجہد اور قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کا نام پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی خدمات نہ صرف پاکستان بلکہ خطے میں جمہوریت کے استحکام کیلئے ایک روشن مثال ہیں۔

15

میں مبین عارف کی تقریر پر انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی کارکردگی کی روشنی میں ہم نے اپوزیشن ارکان مبین عارف اور اسامہ کی کمی محسوس کی۔ انہوں نے گزشتہ سال قائمہ کمیٹی میں اپنا جو حصہ ڈالا وہ قابل تعریف تھا، ان سے اپیل ہے کہ واپس آئیں، ان کی تجاویز سنیں گے اور ان کو حل کریں گے۔

16

اشیئیٹو کیلئے 32 ارب کی رقم کی منظوری پر بی این پی عوامی کے رکن اسمبلی اسد بلوچ نے ایوان سے علاقتی واک آوٹ کیا۔ بعدازاں وہ ایوان میں دوبارہ واپس آئے تو وزیر اعلیٰ اور اسپیکر نے انہیں خوش آمدید کہا۔

17

اتوار کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر پارلیمانی سیکرٹری ثقافت زرین مگسی نے ایوان کو بھل مگسی میں ایک ہندو نوجوان سمیت دو نوجوانوں کے اغوا کی جانب مبذول کرائی اور کہا کہ ان نوجوانوں کی بازیابی کیلئے اقدامات کئے جائیں، زرین مگسی کے نقطہ اعتراض پر وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ میں شروع سے کہہ رہا ہوں کہ بلوچ روایات کو مسمار کیا جا رہا ہے، سابق وزیر اعلیٰ ذوالفقار مگسی کے ریسٹ ہاؤس سے دو نوجوانوں کا اغوا باعث شرم ہے ، حکومت ان دونوں نوجوانوں کی بازیابی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ جس کے بعد صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے 53 غیر ترقیاتی اور 45 ترقیاتی مطالبات مطالبات زر پیش کئے جسے ایوان نے اکثریت سے منظور کر لیا

18

دیتے ہوئے انہیں بے بنیاد اور کھوکھلے دعوے قرار دیا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے ترجمان ابراہیم رضائی نے کہا کہ صدر ٹرمپ آبنائے ہرمز کی ممکنہ ناکہ بندی کے بارے میں شکایت کر رہے ہیں اور یہ دعویٰ بھی کر رہے ہیں کہ امریکا آبنائے ہرمز کا کنٹرول سنبھال سکتا ہے۔ ابراہیم رضائی نے کہا کہ صرف ایک بیوقوف ہی ایسے کھوکھلے دعوے کر سکتا ہے، جبکہ اس قسم کی دھمکیوں کا دور اب گزر چکا ہے۔

19

بیان میں کہا گیا کہ فی الحال آبنائے ہرمز پر کسی قسم کا ٹول نافذ نہیں کیا جائے گا، تاہم اگر ایران کے ساتھ معاہدہ عمل نہ ہوا تو امریکا اس اہم آبی گزرگاہ پر اپنی خدمات کے عوض فیس وصول کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں دعویٰ کیا کہ امریکا کئی دہائیوں سے مشرق وسطیٰ کے ممالک کیلئے محافظ یا گارڈین (محافظ) کا کردار ادا کر رہا ہے اور خطے کے امن و سلامتی کیلئے بھاری اخراجات برداشت کرتا آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر معاہدہ ناکام ہوا تو امریکا ماضی، حال اور مستقبل کے اخراجات کے ازالے کیلئے آبنائے ہرمز سے گزرنے والی بحری تجارت پر محصولات یا ٹول عائد کرنے پر غور کر سکتا ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین سمندری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی تیل تجارت کا بڑا حصہ گزرتا ہے۔

20

بیان میں مشیر ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ جب تک معاہدہ صرف کاغذوں پر رہے گا، مشرق وسطیٰ میں توانائی کی ترسیل معطل رہیگی۔ امریکی سب سے بہتر لاگت اور معاشی فائدے کی زبان کو سمجھتے ہیں

21

کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر ایک عظیم ملٹری لیڈر ہیں، اگر فیلڈ مارشل کی حکمت عملی نہ ہوتی تو شاید ہم یہاں نہ ہوتے۔ اتوار کو سوئٹزرلینڈ میں ایران اور امریکا کے درمیان تکنیکی مذاکرات کے آغاز سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ میڈیا سے بات کرتے ہوئے نائب امریکی صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ پاکستان کے کردار کو دنیا بھر میں سراہا گیا، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار لائق تحسین ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایک بہترین سپہ سالار ہیں۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ جب سے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اسلام آباد میں میرا استقبال کیا ہے

22

پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف نے بطور ثالث سب سے پہلے امریکہ ایران جنگ بندی معاہدہ کا اعلان کیا، پاکستانی وزیر اعظم اور عسکری قیادت امریکہ ایران جنگ رکوانے کیلئے مرکزی شخصیات کے طور پر ابھرے۔ بلومبرگ کے مطابق پاکستان نے ایرانی قیادت سے ملاقات، اسلام آباد امن مذاکرات اور مشکل ترین سفارتکاری سے امن کا راستہ ہموار کیا۔ عالمی جریدہ کے مطابق ٹرمپ نے ذاتی طور پر پاکستان کے عسکری سربراہ کو پسندیدہ فیلڈ مارشل قرار دیا، پاکستانی قیادت کی امریکہ اور ایران سے بہترین ہم آہنگی نے پاکستان کو

اطلاع برائے انٹرویو

وہ تمام اُمیدوار جنہوں نے بحوالہ اشتہار PRQNo.4091/09-03-2026 اپنے مندرجہ ذیل ضلعوں کی خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کی ہیں ان کو مطلع کیا جاتا ہے، کہ وہ درج ذیل تاریخوں اور مقامات پر انٹرویو کیلئے حاضر ہو جائیں۔

چیف انجینئر ای اینڈ ایم ورکشاپ

نمبر شمار	نام آسامی برائے گریڈ	تاریخ انٹرویو	اوقات انٹرویو	مقام انٹرویو	
1	الیکٹریشن BPS -08	15-07-2026 (ریٹرن) 22-07-2026 (انٹرویو)	09:00 am to 05:00 pm	ایگزیکٹو انجینئر E&M ورکشاپ سبی	ان پوسٹوں کیلئے ریٹرن/انٹرویو لیا جائیگا

چیف انجینئر ای اینڈ ایم ورکشاپ

نمبر شمار	نام آسامی برائے گریڈ	تاریخ انٹرویو	اوقات انٹرویو	مقام انٹرویو	
1	الیکٹریشن BPS -08	20-07-2026 (ریٹرن) 27-07-2026 (انٹرویو)	09:00 am to 05:00 pm	سی اینڈ ڈبلیو کمپلیکس نزد ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ	ان پوسٹوں کیلئے ریٹرن/انٹرویو لیا جائیگا

(1) تمام اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ٹیسٹ/انٹرویو کے لئے اوپر دیئے گئے وقت کی پابندی کریں، اس سلسلے میں کسی قسم کے عذر کو قبول نہیں کیا جائیگا۔ (2) ٹیسٹ/انٹرویو کے دن تمام (اصل) کاغذات ہمراہ لانا لازمی ہیں۔ (3) ٹیسٹ/انٹرویو کے آنے والوں کو کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائیگا۔

(ایڈمن آفیسر، چیف انجینئر (ای اینڈ ایم) ورکشاپ مواصلات و تعمیرات)

PRQ No5619/20-06-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ثالثی کے کردار کیلئے سب سے موزوں بنایا

23

بلوچستان ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے باوجود ترقیاتی اعتبار سے متعدد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ صوبے کے وسیع رقبے، پسماندہ علاقوں اور بنیادی سہولیات کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے وفاقی حکومت کو بلوچستان کے ترقیاتی فنڈز میں کسی قسم کی کٹوتی نہیں کرنی چاہیے بلکہ صوبے کو خصوصی اضافی ترقیاتی گرانٹس فراہم کرنی چاہئیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش بنیادی مسائل میں امن وامان، تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا سرفہرست ہیں۔ ان شعبوں میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کے بغیر صوبے کی پائیدار ترقی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے سکیورٹی کے شعبے میں اضافی وسائل مختص کیے جانے چاہئیں تاکہ ترقیاتی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کو فروغ مل سکے

24

نیٹی برائے دفاعی پیداوار کے چیئرمین سینیٹر محمد عبدالقادر نے کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سابق چیئرمین سینٹ ورکن بلوچستان اسمبلی ، میر صادق سنجرانی ،صوبائی زراعہ نوابزادہ طارق مگسی ، میر ضیاء لانگو، آغا عمر احمدزئی اور رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ بھی موجود تھیں ۔ملاقات کے دوران ملک اور بلوچستان کی سیاسی صورتحال ، صوبے میں جاری ترقیاتی کاموں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

25

ملے گی۔ اتوار کو قومی اسمبلی میں وزارت خزانہ کے مطالبات زر پر اپوزیشن کی کٹوتی کی تحریکوں پر بحث سمیٹتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ اپوزیشن کی جانب سے قائمہ کمیٹیوں سے نکلے، بجٹ تقریر کو سننے کی بجائے شور شرابہ کرنے سے انہوں نے وہ مواقع کھوئے کہ جہاں ان کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالوں کے جواب موجود تھے، بجٹ پر جاری بحث سمیٹتے ہوئے بھی اس کا احاطہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ٹیکس کے بوجھ کی بجائے اس کو بڑھانے کیلئے ٹیکس اصلاحات کی طرف جا رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ توانائی کے شعبے میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں جس کا ذکر وزیر بجلی نے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ ڈبٹ سروسنگ، پنشن ریفارمز بھی کی جا رہی ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آج سے دو اڑھائی سال پہلے جہاں پر ہم کھڑے تھے اس میں بہت بہتری آئی ہے۔

26

کے یہ مطالبات زر منظوری کیلئے پیش کئے، جس کی ایوان نے منظوری دیدی۔ وزیر خزانہ کی جانب سے ایوان میں پیش کئے گئے ان مطالبات زر میں سے اٹامک انرجی کے شعبہ کیلئے 22 ارب 57 کروڑ، پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کیلئے 2 ارب 35 کروڑ 77 لاکھ سے زائد، انٹیلی جنس بیورو ڈویژن کیلئے 22 ارب 96 کروڑ، موسمیاتی تبدیلی و انوائرمنٹل کوآرڈینیشن کیلئے ایک ارب 31 کروڑ 54 لاکھ اطلاعات ونشریات 11 ارب ایک کروڑ 45 لاکھ، اسی ڈویژن کے متفرق اخراجات کیلئے 15 ارب 89 کروڑ 75 لاکھ، انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن 22 ارب 49 کروڑ 54 لاکھ، قومی صحت وخدمات کیلئے 37 ارب 22 کروڑ 17 لاکھ، میری ٹائم آفیئرز 2 ارب 34 کروڑ 37 لاکھ، قومی اسمبلی 9 ارب 3 کروڑ 57 لاکھ، سینیٹ 3 ارب 21 کروڑ 72 لاکھ اور واٹر ریسورسز کیلئے 47 ارب 83 کروڑ 53 لاکھ روپے سے زائد مطالبات زر شامل تھے۔ جن کی ایوان نے منظوری دی

27

ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ یہ بات چیت لبنان کی خودمختاری کو نقصان پہنچانے اور اسرائیلی مفادات کو آگے بڑھانے کا باعث بنے گی۔ حزب اللہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ واشنگٹن میں موجود لبنانی وفد پر ایسے امریکی مطالبات تسلیم کرنے کیلئے دباؤ ڈالا جا رہا ہے جو لبنان کی خودمختاری سلب کرتے ہیں اور بیروت کو ان ممالک کے ساتھ کھڑا کرتے ہیں جو اسرائیل کے ساتھ مفاہمت کی راہ اختیار کر چکے ہیں۔ تنظیم نے مذاکرات کی بنیاد کو غلط اور ناقص قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عمل لبنان کے قومی مفادات کے تحفظ کے بجائے ہتھیار ڈالنے اور دباؤ قبول کرنے کا سبب بنے گا

28

خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ایک بہترین سپہ سالار قرار دیدیا ہے۔ اتوار کو امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد کیلئے پاکستان اور قطر کی ثالثی میں اتوار کو سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات سے قبل امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہیں ایک بہترین سپہ سالار قرار دیا ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ عاصم منیر اگرچہ ایک عسکری قائد ہیں لیکن انھوں نے دکھایا ہے کہ وہ بہترین سفارتکار بھی ہیں۔

29

کرنے اور پولیس کی جانب سے گرفتار ہونے والے 26 اساتذہ اور ملازمین کے خلاف بلوچستان ایسپلائز ایسٹیبلشمنٹ اینڈ ڈسپلن ایکٹ (پی ای ای ڈی اے) 2011 کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں معطل کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ معطل کیے جانے والے اساتذہ اور ملازمین کا تعلق بھل مگسی، بھی، کوئٹہ، ژوب، لورالائی، پشین سمیت صوبے کے مختلف اضلاع سے ہے

30

حسین پیش کرنے کے لئے ملک کے مختلف شہروں اور بیرون ملک منعقدہ مختلف تقریبات میں خصوصی کیک کاٹے گئے اور شہید بے نظیر بھٹو کی زندگی، جمہوریت کے لئے خدمات اور شہادت کو اجاگر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی لاڈلی بیٹی بے نظیر بھٹو 21 جون 1953 کو کراچی میں پیدا ہوئیں، والد نے ان کا نام بچپن میں پنکی رکھا، بینظیر بھٹو نے اعلیٰ تعلیم آکسفورڈ اور ہاورڈ یونیورسٹی سے حاصل کی، بے نظیر بھٹو نے اپنے والد ذوالفقار علی بھٹو کے ہمراہ کئی ممالک کا دورہ کیا 1988 کے عام انتخابات میں کامیابی حاصل کر کے بے نظیر بھٹو ایشیا کی پہلی خاتون وزیر اعظم منتخب ہوئیں لیکن 1990

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینٹ ایم پی اے صادق سنجرانی، سینیٹر عبدالقادر، صوبائی وزیر طارق مگسی اور فرح عظیم شاہ اسمبلی اجلاس کے بعد بات چیت کر رہے ہیں

ایان خان سے موٹر سائیکل، موبائل فونز چھیننے کا واقعہ قابل مذمت ہیں، پشتونخوامیپ

ایف آئی آر درج اور ملزمان کی نشاندہی کے باجود پولیس کوئی کارروائی نہیں کررہی، ضلعی بیان

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ شہر میں بڑھتی ہوئی جرائم کی وارداتوں، چوری، ڈکیتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں پولیس کی مسلسل ناکامی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز سول لائن پولیس تھانے کے حدود میں سرکلر روڈ نزد گوگو پیزا پیٹرول پمپ کے قریب چوری کی واردات (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں ترقی، استحکام اور خوشحالی کے سفر کو مزید تیز کیا جائے گا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو بلوچستان اسمبلی میں نئے مالی سال کے بجٹ کی منظوری کے بعد اپنے خطاب میں صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی قربانیاں اور عوام دوستی ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، فیصل جمالی

پاکستان کی مضبوطی، جمہوریت کے استحکام اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے محترمہ بینظیر بھٹو کی آواز آج بھی قوم کے دلوں میں زندہ ہے

بینظیر بھٹو کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں، عوامی حقوق کیلئے ان کی جدوجہد ناقابلِ فراموش ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

گنداخہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے دختر مشرق شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی پوری سیاسی زندگی عوام کے حقوق، جمہوریت کے استحکام اور ملک کی سربلندی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ دختر مشرق شہید محترمہ بینظیر (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سبی ایئرپورٹ روڈ کے قریب پولیس اہلکار کی لاش برآمد

بولان (این این آئی) سبی ایئرپورٹ روڈ کے قریب پولیس اہلکار کی لاش برآمد ہوئی جس کی شناخت ابتدائی طور پر اے ایس آئی نہال خان ابڑو کے نام سے ہوئی جو بھی پولیس کے ملازم تھے ذرائع کے مطابق نہال خان ابڑو تین روز قبل ڈھاڈر سے سبی جا رہے تھے

آزاد اور ذمہ دار میڈیا کسی بھی جمہوری معاشرے کا بنیادی ستون ہوتا ہے، مولانا رفیق

صحافت معاشرے کی فکری رہنمائی، عوامی شعور کی بیداری اور حقائق کی درست ترجمانی کا مقدس فریضہ ہے، حاجی عین اللہ شمس

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، معاون سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار، مولانا جمال الدین حقانی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں بلوچستان حکومت کی مجوزہ میڈیا پالیسی پر شدید تحفظات کا اظہار (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

قائد ایوان وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے میر اعجاز خان سنجرانی مصافحہ کر رہے ہیں

سوئی، نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سوئی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو سوئی کے علاقے سی گراؤنڈ کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص محمد عالم لنڈ کا نی بلٹی کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

قلعہ عبداللہ کو ڈیموں کے حوالے سے نظرانداز کیا گیا، زمرک اچکزئی

موجودہ بجٹ اور پی ایس ڈی پی میں قلعہ عبداللہ کیلئے ایک بھی نیا ڈیم منظور نہیں کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وامی نیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان، بالخصوص ضلع قلعہ عبداللہ کو ایک بار پھر ڈیموں کی تعمیر کے حوالے سے نظرانداز کیا گیا ہے۔ انہوں بلوچستان اسمبلی میں میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ بجٹ اور پی ایس ڈی پی میں قلعہ عبداللہ کیلئے ایک بھی نیا ڈیم منظور نہیں کیا گیا، جبکہ یہ ضلع پہلے ہی شدید خشک سالی کا شکار ہے۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والے دنوں میں پانی کی قلت (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ظاہر حسین کی والدہ محترمہ کی فاتحہ خوانی

دسمبر اسکول، بروری کوئٹہ میں جاری

پنجگور (پ ر) پنجگور میں تعزیت کے بعد تمام دوست احباب کو اطلاع دی جاتی ہے کہ سر ظاہر حسین (ڈائریکٹر، اسکول آف انٹیلیجنس ٹیچنگ)، محمد حنیف اور چنگیز قادر کی والدہ محترمہ کی فاتحہ خوانی بروز اتوار 21 جون اور پیر 22 جون، اسکول آف انٹیلیجنس ٹیچنگ ریکمبرج (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

بھوتانی برادران ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، صالح بھوتانی

عوام کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی، صوبائی صدر بی اے پی

سونمیانی وندر (رپورٹ/ زبیر بلوچ) سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان BAP کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ بھوتانی برادران ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے لسبیلہ اور حب کی عوام آج پیار محبت بھائی چارے اور باہمی اعتماد کی ایسی مضبوط زنجیر میں بندھ چکی ہے جسے اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر دنیا کی کوئی طاقت کمزور یا ختم نہیں کر (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

وندر، سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان صوبائی صدر بی اے پی سردار محمد صالح بھوتانی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، دن دہاڑے مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ، ہندو دکاندار قتل، نوجوان زخمی

ایک طرف سرنڈر پالیسی کے تحت جرائم پیشہ افراد قانون کے سامنے پیش ہورہے ہیں تو دوسری طرف جرائم پر قابو نہیں پایا جارہا ہے

کندھ کوٹ (نامہ نگار) کندھ کوٹ دن دہاڑے مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک ہندو دکاندار قتل اور ایک نوجوان زخمی واقعہ کے باعث ہندو برادری میں سوگ کی فضا پیدا ہوگئی پولیس جرائم کی روک تھام میں مکمل طور پر ناکام ہے ہتھیار ڈالنے کی پالیسی کے باوجود جرائم سرعام ہورہے ہیں دن دہاڑے ایک ہندو تاجر کو قتل کیا گیا۔

اوتھل، منشیات اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام، بھاری مقدار میں خطرناک نشہ آور مواد برآمد

اوتھل (این این آئی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور اسمگلرز کے خلاف جاری مہم کے سلسلے میں دی گئی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ایس ایچ او اوتھل وحید (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا انجینئرنگ اینڈ آرکیٹیکٹس فورم مرکزی کانگریس منعقد کرنے کا اعلان

شہید عثمان کاکڑ کی برسی کے تاریخی جلسہ میں بہت بڑی تعداد میں شرکت کرنے پر تمام مکتبہ کے ہزاروں افراد سے اظہار تشکر

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے انجینئرنگ اینڈ آرکیٹیکچر فورم نے تمام وطن دوست، کام دوست، پیشہ ور ٹیکنیکل ماہرین، انجینئرز، آرکیٹیکٹس، ٹاؤن پلانرز، تاجروں، اساتذہ، طلبہ اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو قلعہ سیف اللہ جنوبی پشتونخوا میں منعقد ہونے والے ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی پانچویں برسی کے عظیم الشان جلسہ عام میں بھرپور شرکت پر خراج تحسین پیش کی ہے۔ فورم کے جاری کردہ اعلامیہ کیمطابق (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

ی ذیلی شاخوں کو بھی زرعی پانی کم ملنے کے باعث ٹیل تک پانی نہیں پہنچ رہا ہے، عوامی حلقے

نصیر آباد ڈویژن کو زرعی لحاظ سے بلوچستان کا بڑا زرخیز و سرسبز علاقہ سمجھا جاتا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن کو زرعی لحاظ سے بلوچستان کا بڑا زرخیز و سرسبز علاقہ سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس ڈویژن میں دریائے سندھ سے تین نہریں پٹ فیڈر کینال شاہی کینال اور کھیر تھر کینال آتی ہیں وہ نہریں سندہ کے مختلف علاقوں کی زرعی زمینوں کو ں سیراب کرتی ہوئی بلوچستان کی نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد کے تحفظ کیلئے متحرک ہے، رمضان اشتیاق

پیمائش کے آلات کی درستگی بھی چیک کی تاکہ صارفین کو مکمل مقدار فراہم کی جارہی ہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستاد محمد، محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر اُستاد محمد رمضان اشتیاق نے حالیہ دنوں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نئے نرخوں پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا تھا تاکہ (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے تعارفی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مضبوط اور خوشحال معاشرے کی بنیاد مضبوط خاندان پر استوار ہوتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

سرفراز بگٹی نے فادرز ڈے کے موقع پر اپنے والد محترم غلام قادر بگٹی سمیت دنیا بھر کے تمام والدین کو خراج تحسین

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فادرز ڈے کے موقع پر اپنے والد محترم غلام قادر بگٹی سمیت دنیا بھر کے تمام والدین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ باپ محبت، قربانی، رہنمائی اور استقامت کا وہ عظیم استعارہ ہے جو اپنی اولاد کے روشن اور محفوظ مستقبل کیلئے اپنی زندگی کی ہر آسائش قربان کردیتا ہے۔ فادرز ڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک مضبوط اور خوشحال معاشرے کی بنیاد مضبوط خاندان پر استوار ہوتی ہے اور خاندان کی تعمیر و تربیت میں ایک باکردار باپ کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی سے لیڈی پولیو ورکر اغواء ورثاء کی جانب سے سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی میں ایف آئی آر درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے لیڈی پولیو ورکر اغواء ورثاء کی جانب سے سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی میں ایف آئی آر درج کروادی گئی۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ مراد جمالی سے نامعلوم مسلح افراد نے پولیو ورکر (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر اُستاد محمد کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا تفصیلی دورہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستاد محمد، محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر اُستاد محمد رمضان اشتیاق نے حالیہ دنوں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کا بنیادی مقصد حکومت کی جانب (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سپیرہ رانہ روڈ تعمیراتی کام روکنے کے عمل کی مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

سپیرہ رانہ روڈ پر کوئی بدامنی نہیں ہے خودساختہ بدامنی کی آڑ میں پیپے لیپس کرنے کی کسی صورت میں اجازت نہیں دی جائیگی

ٹھیکیدار اور حکومت کی ملی بھگت سے کیمپ کے مشینری کو جلانے کا ڈرامہ اور بعد میں روڈ پر کام بند کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں سپیرہ رانہ روڈ کی تعمیر کا پرانا 13 سالہ منصوبہ ایک مرتبہ پھر ٹھیکیدار اور حکومت کی ملی بھگت سے کیمپ کے مشینری کو جلانے کے ڈرامے اور روڈ پر کام بند کرنے اور روڈ کی تعمیر (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینٹ ایم پی اے صادق سنجرانی، سینیٹر عبدالقادر اور صوبائی وزیر طارق مگسی اسمبلی اجلاس کے بعد بات چیت کر رہے ہیں

بروقت رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی کو یقینی بنائیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی

رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگی سمیت تمام مراحل آن لائن دستیاب ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے میں خدمات فراہم کرنے والے ویئر ہاؤسز و ڈپو، کولڈ اسٹوریجز، ٹریننگ سروسز فراہم کنندگان اور انشورنس ایجنٹس کو ہدایت کی ہے کہ اگر وہ تاحال بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں تو فوری طور پر اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت اپنی قانونی ذمہ داریوں کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ بی آر اے کے مطابق مذکورہ خدمات پر سیلز ٹیکس کی شرح 5 فیصد مقرر ہے۔

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف مؤثر کارروائی کیوں عمل میں نہیں لائی جارہی، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

اس تمام صورتحال میں متعلقہ پولیس اسٹیشن کا کردار انتہائی سوالیہ نشان بن چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی اور دیگر ضلعی رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہزار گنجی منڈی جانے والے تمام راستوں پر کھلے عام رہزنوں کی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

امن و امان کے قیام اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے متحد اور یکجا ہیں، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے زیر اہتمام اور صدر عبدالرحیم کاکڑ کی صدارت میں محرم الحرام میں امن، اتحاد اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے "پیغام امن و اخوت" تاجر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں اتحاد تاجران بلوچستان، شیعہ کانفرنس، مختلف مکاتبِ فکر کے علماء کرام، تاجر برادری، انتظامیہ، پولیس، ایف سی بلوچستان اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

عوامی مسائل کے حل کے عمل میں نمایاں تیزی دیکھنے میں آئی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

تشکیل قادر خان کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور انتظامی تجربہ بلوچستان میں اصلاحاتی ایجنڈے کے نفاذ میں معاون ثابت ہوا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو بلوچستان اسمبلی میں نئے مالی سال کے بجٹ پر اظہار خیال کے دوران چیف سیکرٹری بلوچستان تشکیل قادر خان کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے خطاب میں کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان تشکیل قادر خان نے صوبے میں گڈ گورننس، انتظامی اصلاحات اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں مؤثر اور فعال کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ انتظامی (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

محترمہ بینظیر بھٹو کی طویل جدوجہد، اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے کردار ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، نواب زہری

عوامی حقوق کے تحفظ اور خوشحال پاکستان کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں یوم ولادت کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید محترمہ بینظیر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

مسائل کا واحد حل آئین، جمہوریت اور عوامی مذہمتی جدوجہد میں ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

تعلیم، صحت، روزگار، پانی اور بجلی جیسے بنیادی مسائل دن بدن سنگین ہوتے جارہے ہیں بلوچستان کے عوام کی جان و مال اور عزت محفوظ نہیں

شہری، نوجوان، خواتین، مزدور، کسان، طلبہ اور بلوچستان کے تمام طبقات جماعت اسلامی کی رکنیت اختیار کریں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام آج بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، بدعنوانی، احساسِ محرومی اور بنیادی سہولیات کی شدید کمی کا سامنا کررہے ہیں۔ صوبے کے عوام کی جان و مال محفوظ نہیں، جبکہ تعلیم، صحت، روزگار، پانی اور بجلی جیسے بنیادی مسائل دن بدن سنگین ہوتے جارہے ہیں۔ جماعت اسلامی (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ اتوار کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کارروائی مکمل ہونے کے بعد اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے گورنر بلوچستان کا حکم نامہ پڑھ کرسناتے ہوئے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا۔

پٹرولیم قیمتوں میں کمی خوش آئند، مگر عوام کو ریلیف درکار ہے، سید امان شاہ

حکومتی اقدام مثبت ہے، مہنگائی میں حقیقی کمی کے اثرات بھی نظر آنے چاہئیں، صوبائی کنوینئر

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں اور ملکی حالات کے تناظر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے عوام کو کسی حد تک ریلیف ملے گا۔ تاہم موجودہ معاشی حالات میں (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

قبائلی و سیاسی رہنما نوابزادہ شاہ دین خان شاہوانی کی سربراہی میں شاہوانی اور لہڑی اقوام کے فریقین کے درمیاں دیرینہ تنازعہ کے تصفیہ کے بعد فریقین کو آپس میں شیر و شکر کرنے کے موقع پر دعائے خیر کی جارہی ہے

مولانا مقبول احمد مہر کی زیرنگرانی حلقہ ہائے درودِ شریف کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری

درودِ پاک کی محافل امتِ مسلمہ کیلئے خیر و برکت، محبتِ رسولؐ اور روحانی تربیت کا بہترین ذریعہ ہیں

جعفر آباد (بیورو چیف مقصود احمد مہر) شیرانِ اسلام پاکستان کے صوبائی ناظم بلوچستان مولانا مقبول احمد مہر کی زیرنگرانی مختلف مقامات پر حلقہ ہائے درودِ شریف کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے۔ ان روحانی محافل میں عاشقانِ رسولؐ بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہیں اور درود و سلام کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ مولانا (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

محترمہ بینظیر بھٹو جمہوریت، عوامی حقوق اور وفاقِ پاکستان کی مضبوطی کی علامت تھیں، فیاض محمود شیخ

چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور کا شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ پر خراجِ عقیدت

شکارپور (رپور/ شاہد گولہ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ نے شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو جمہوریت، عوامی حقوق اور وفاقِ پاکستان کی مضبوطی کی علامت تھیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی پوری زندگی عوام کی خدمت، جمہوریت کی بحالی اور ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی جدوجہد (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

مطالبات پر سنجیدگی سے غور نہ کیا تو احتجاجی تحریک کو مزید وسعت دی جائیگی، بلوچستان گرینڈ الائنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کے زیرِ اہتمام جاری احتجاجی تحریک پورے صوبے میں بھرپور انداز سے جاری ہے اس سلسلے میں (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

کامیاب ثالثی میں پاکستان کا کردار جدید سفارت کاری کی تاریخ کے شاندار باب کے طور پر یاد رکھا جائیگا، شعیب لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سیاسی و سماجی اور قبائلی رہنما حاجی شعیب علی خان لہڑی نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کامیاب ثالثی میں پاکستان کا کردار جدید سفارت کاری کی تاریخ کے ایک شاندار باب کے طور پر یاد رکھا جائے گا ایسے وقت میں جب خطہ (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

عوامی فلاح و بہبود کیلئے تاریخی خدمات انجام دیں جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، مرتضیٰ جمالی

شہید بینظیر بھٹو کی سیاسی جدوجہد، قربانیاں اور عوام دوستی آج بھی کارکنان اور عوام کے لیے مشعلِ راہ ہیں

گنداخہ: (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستا محمد میر مرتضیٰ خان جمالی نے شہید جمہوریت، دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں شاندار خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی پوری سیاسی زندگی عوامی حقوق کے تحفظ، جمہوریت کے فروغ اور ملک کی ترقی و سربلندی کے (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

گلستان میں تعلیمی انقلاب کا کا شہید فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام احمد خان پبلک کالج کا شاندار افتتاح

علم و دانش کا نیا سفر واشنگٹن سے بیجنگ تک (دی گریٹ گیم کا خاتمہ) تصنیف کی باوقار تقریبِ رونمائی

گلستان (رپورٹ اے کے میڈیا ٹائم پاکستان) ضلع قلعہ عبداللہ کے تاریخی قصبے گلستان کاریز میں تعلیمی ترقی اور فکری بیداری کے ایک نئے سنہرے دور کا آغاز ہوگیا ہے۔ کاکا شہید فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام اور "احمد خان ایجوکیشن سسٹم" کے فلاحی و تعلیمی وژن کے تحت نو تعمیر شدہ "احمد خان پبلک کالج" کی شاندار و باوقار افتتاحی تقریب گزشتہ روز (20 جون کو) انتہائی تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ یہ پروقار تقریب ناصرف خطے میں تعلیمی انفراسٹرکچر (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

کاکا شہید فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام اور "احمد خان ایجوکیشن سسٹم" کے فلاحی و تعلیمی وژن کے تحت نو تعمیر شدہ "احمد خان پبلک کالج" کا افتتاح کیا جارہا ہے

کندھ کوٹ، تیز رفتار موٹر سائیکلوں میں تصادم، دو نوجوان جاں بحق

زخمی کو سول اسپتال لے جایا گیا جہاں ہنگامی طبی سہولیات نہ ہونے کے باعث نوجوان اسپتال میں دم توڑ گیا

کندھ کوٹ (نامہ نگار) کندھ کوٹ میں تیز رفتار موٹر سائیکلوں میں تصادم، دو نوجوان جاں بحق تفصیلات کے مطابق: کندھ کوٹ ہیبت روڈ اے سیکشن تھانے کی حدود میں دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں راشد چاچڑ موقع پر ہی جاں بحق جبکہ غلام مرتضیٰ بھگوار (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

میئر شکیل احمد قمبرانی کی فرید نواز کے ہمراہ چنکان سبزی منڈی اور دیگر مختلف مقامات کا تفصیلی دورہ

پنجگور (این این آئی) پنجگور میونسپل کارپوریشن کے میئر شکیل احمد قمبرانی کی فرید نواز کے ہمراہ چنکان سبزی منڈی اور دیگر مختلف مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن کے چیف آفیسر عزت اللہ محمد حسنی، (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کی جانب سے منائی گئی

شہید بینظیر بھٹو کی مزار پر قرآن خوانی کا انعقاد کیا گیا تھا

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) دخترِ مشرق شہید رانی محترمہ بینظیر بھٹو کی 73ویں سالگرہ آخری آرامگاہ گڑھی خدا بخش بھٹو میں لاڑکانہ ڈسٹرکٹ کی جانب سے منائی گئی، شہید بینظیر بھٹو کی مزار پر قرآن خوانی کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں ڈسٹرکٹ کونسل لاڑکانہ کے چیئرمین، ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری اعجاز احمد لغاری، ڈویژنل جنرل سیکرٹری عبدالفتاح بھٹو (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

فیاض محمود شیخ کا پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم پی اے نعیم احمد کھرل کے انتقال پر افسوس اور دکھ کا اظہار

شکارپور (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی قیمتی اثاثے سے محروم ہوگئی، مرحوم نعیم احمد کھرل کی پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے خدمات کو ہمیشہ سنہری الفاظوں میں یاد رکھا جائیگا۔ مرحوم ایم پی اے نعیم احمد کھرل نے ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے قربانیاں دی ہیں۔ مرحوم کے لواحقین (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ نہایت سادگی مگر بھرپور طریقے سے منائی گئی

وفاقی یکجہتی اور محروم طبقات کے حقوق کی جدوجہد کی روشن علامت تھیں، خیر محمد ترین اور دیگر کا شہید بے نظیر بھٹو کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن آفس میں شہید جمہوریت، دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ نہایت سادگی مگر بھرپور طریقے سے منائی گئی۔ اس موقع پر پارٹی کے مختلف ڈویژنوں، تنظیموں اور ونگز کے عہدیداران اور کارکنان نے (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)